امر بالمعروف ونہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
اطلاعِ عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
رجسٹریشن نمبر : C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16 | بروز جمعہ 16 اکتوبر 2026 03 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 192

صوبے کا امن خراب کرنے والے عناصر کامیاب نہیں ہوں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

پاکستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

فورسز کی دہشتگردوں کیخلاف کارروائیوں اور ان کے ٹھکانوں کی تباہی اور اسلحے کی برآمدگی اہم پیش رفت ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت اور مؤثر کارروائی کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں میں اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانے کی تباہی اور اسلحے و دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوششیں کرنے والے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان سمیت خطے کی معیشت 2026 میں مزید سکڑنے کا خدشہ

اسلام آباد(جی این ایم) آئی ایم ایف (IMF) کے مشرقِ وسطیٰ اور وسطی ایشیا کے ڈائریکٹر، جہاد

(بقیہ1 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ جاتی اصلاحات وکارکردگی جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے موقع پر اراکین پارلیمنٹ سے ملاقات کررہے ہیں

دہشتگردی کے خلاف فیصلہ کن حکمت عملی ناگزیر ہے، نائب وزیراعظم

دہشت گردوں کو دوبارہ پاکستان آنے کا موقع دینے اور انہیں رہا کرنے کے فیصلوں کی ذمہ داری کا تعین ضروری ہے، کیونکہ ان غلطیوں کی بھاری قیمت پوری قوم کو ادا کرنا پڑی

دہشت گردوں کو کس خوشی میں رہا کیا گیا اور ملک کو بار بار ایسی غلطیوں کا سامنا کیوں کرنا پڑ رہا ہے جن لوگوں نے ایسے فیصلے کیے، انہیں دہشت گردی کی دوبارہ واپسی کی ذمہ داری قبول کرنی چاہیے

اسلام آباد(اے این این) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ کابل میں چائے پینے کے بعد دہشت گردوں کو چھوڑنا بڑی غلطی تھی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے ملک میں دہشت گردی کی دوبارہ لہر، کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے جنگجوؤں کی واپسی اور ماضی میں کیے گئے فیصلوں پر سخت سوالات اٹھائے۔ نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی نے گورنر راج اور ایمرجنسی کی منظوری دی، انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر کس نے سرحد کھول کر ٹی ٹی پی کے جنگجوؤں کو پاکستان

(بقیہ3 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور اسکول حادثہ، معصوم طلبہ کی ہلاکت پر گورنر بلوچستان کا اظہارِ افسوس

شیخ جعفر خان مندوخیل کی زخمی بچوں کی جلد صحتیابی اور سوگوار خاندانوں کے لیے دعا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے خیبر پختونخوا کے صوبائی دارالحکومت پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں معصوم طلبہ کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور، آفریدی آباد میں نجی سکول کی چھت گرنے کے نتیجے میں جاں بحق افراد کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

پشاور، نجی اسکول کی چھت گرنے سے 35 افراد جاں بحق، درجنوں زخمی

نجی اسکول کا مالک گرفتار، انکوائری کمیٹی قائم کردی گئی، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی نے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کرلی، زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کا حکم

وزیراعظم نے پشاور میں سکول کی چھت گرنے کے واقعے کی مکمل رپورٹ طلب کر لی، واقعہ پر دل دکھ وافسوس ہوا، زخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، مشیرِ اطلاعات خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور

پشاور(جی این ایم+اے این این) پشاور کی دیر کالونی میں نجی اسکول کی عمارت گرنے کے بعد ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا گیا اور تمام افراد کو ملبے سے نکال لیا گیا ہے۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اسکول کی عمارت گرنے کے باعث 33 بچوں کو مردہ حالت میں ہسپتال لایا گیا، کل 40 زخمی بچوں کو ہسپتال لایا گیا جن میں سے زیادہ تر کو ڈسچارج کر دیا گیا ہے، جبکہ سر پر چوٹیں لگنے والے 3 شدید زخمی بچوں کا علاج تا حال جاری ہے، جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں 12 بچیاں اور خاتون ٹیچر بھی شامل ہیں، تمام میتوں کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ نجی اسکول کی عمارت کا تکنیکی معائنہ نہیں کیا گیا تھا، یہ

(بقیہ5 اندرونی صفحہ 3 پر)

انا کی تسکین کیلئے لڑکی کے قاتل کو کوئی رعایت نہیں ملے گی، سپریم کورٹ

اسلام میں بھی نکاح کیلئے عورت کی رضامندی بنیادی شرط ہے، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (اے این این) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ شادی یا ریلیشن شپ سے انکار پر لڑکی کو قتل کرنا ایسا سنگین جرم ہے جس کا مرتکب دیگر مجرمان کو حاصل قانونی رعایتیں لینے کا حق دار نہیں۔ سپریم کورٹ نے خواتین کے حق میں اہم فیصلہ

(بقیہ7 اندرونی صفحہ 3 پر)

سی پیک کے مغربی روٹ پر 310 ارب روپے کے بڑے منصوبے

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کی تقدیر بدلنے کیلئے سی پیک کے مغربی روٹ پر 310 ارب روپے کے بڑے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ سی پیک کے تحت

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)


کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل جنرل موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ کے پہلے کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

کے پی میں آپریشنز پر وزیراعلیٰ نے ایک بار بھی فوج کے ساتھ کھڑا ہونا گوارا نہیں کیا، محسن نقوی

کے پی میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں میں ایک بار بھی فوج کے ساتھ کھڑا ہونا گوارا نہیں کیا اور ہر بار کہا کہ سیاسی طور پر آپریشن افورڈ نہیں کرسکتا

سہیل آفریدی سے کئی بار ملا، انہوں ں ے ہر بار کہا کہ سیاسی طور پر کے پی میں آپریشن افورڈ نہیں کرسکتا، پارلیمنٹ میں وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد(اے این این) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے کے پی میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں میں ایک بار بھی فوج کے ساتھ کھڑا ہونا گوارا نہیں کیا اور ہر بار کہا کہ سیاسی طور پر آپریشن افورڈ نہیں کرسکتا۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ ہم گورنر راج لگانے کے بالکل بھی قائل نہیں تھے، ہم نے پوری کوشش کی کہ کے پی میں دہشت گردی کے خلاف کارروائی ہو، ہم چاہتے تھے کہ یہ لڑائی خیبر پختونخوا کی لڑائی ہے بس آپ لیڈ کریں مگر کے پی حکومت

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو قلعہ عبداللہ میں امن وامان سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، اس موقع پر رکن اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی بھی موجود ہیں

گوادر پورٹ کے ذریعے ایران کے ساتھ تجارت بڑھانے پر غور

گبد۔ ریمدان بارڈر کوریڈور کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات پر تبادلہ خیال

گوادر(خ ن) چیرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ سے گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے ملاقات کی، جس میں گوادر پورٹ کے ذریعے ایران کے ساتھ تجارت کے فروغ، گبد۔ ریمدان بارڈر کوریڈور کے استعمال اور ٹرانزٹ ٹریڈ سمیت دیگر تجارتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل گوادر پورٹ داؤد کلمتی بھی موجود تھے، جبکہ وفد میں ایکسپورٹر تفتان امان اللہ جمالدینی، گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے

(بقیہ12 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے تمام 23 ماحولیاتی پولیو نمونوں کے نتائج منفی آ گئے

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر صحت کا انسداد پولیو اقدامات پر اظہار اطمینان

کوئٹہ(اے این این) بلوچستان پولیو کے خاتمے کی راہ پر گامزن، تمام 23 ماحولیاتی نمونوں کے نتائج منفی آ گئے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر صحت نے انسداد پولیو اقدامات پر اظہار اطمینان کیا اور ٹھوس اقدامات کا تسلسل جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ پولیو کے خلاف قومی مہم میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، مسلسل کوششوں اور ٹھوس اقدامات سے پولیو کا

(بقیہ11 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ 16 اکتوبر کو طلب، اسپیکر عبدالخالق اچکزئی صدارت کریں گے

صوبائی اسمبلی کا اجلاس سہ پہر 3:00 بجے ہوگا، تمام اراکین اسمبلی کو وقت پر شرکت کی ہدایت

کوئٹہ (یواین اے) بلوچستان اسمبلی کا اہم اجلاس جمعہ 16 اکتوبر کو سہ پہر 3:00 بجے صوبائی اسمبلی کے ایوان میں طلب کرلیا گیا ہے۔ سرکاری اطلاع کے مطابق اجلاس کی صدارت اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کریں گے، جس میں قانون سازی، صوبائی امور اور عوام کو درپیش اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ تمام اراکین اسمبلی کو مقررہ وقت پر اجلاس میں شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ تفصیلات بلوچستان اسمبلی کا

(بقیہ10 اندرونی صفحہ 3 پر)

سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی محکموں کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس جاری

عوام کو معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور اصلاحات پر مبنی تجاویز مرتب کرنے کے لیے جائزہ اجلاس دوسرے روز بھی جاری رہا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے مزید محکموں کی کارکردگی، انتظامی امور اور استعدادِ کار سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ محکموں کی فعالیت بہتر بنانے اور تنظیم نو کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری

(بقیہ9 اندرونی صفحہ 3 پر)

قلعہ عبداللہ میں امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، وزیر داخلہ بلوچستان

عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے منشیات کا خاتمہ اور عوام کو تحفظ فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے

متعلقہ حکام امن و امان کی بہتری، جرائم کی روک تھام اور منشیات کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ(اے این این) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ صوبے میں امن و امان کا قیام، منشیات کا خاتمہ اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، امن وامان برقرار رکھنے کے حوالے سے کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اہم اجلاس کی صدارت کرتے

(بقیہ14 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر ترین جج، جسٹس منیب اختر قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھارہے ہیں

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں، 7 دہشتگرد ہلاک

واشک میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 5 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد ہلاک کردیے

دوسری کارروائی میں ضلع مستونگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 2 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا، بڑی تعداد میں اسلحہ برآمد

راولپنڈی (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور انسانی اسمگلرز کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں جب کہ ضلع مستونگ اور واشک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 7 دہشتگرد ہلاک کردیے گئے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ واشک میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 5 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد ہلاک کردیے، سیکیورٹی فورسز

(بقیہ13 اندرونی صفحہ 3 پر)

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 68لاکھ 15ہزار سے تجاوز کرگئی

تنخواہ دار طبقے کے علاوہ 45لاکھ سے زائد افراد نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے

اسلام آباد(اے این این) ملک میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 68لاکھ 15ہزار سے تجاوز کرگئی۔ ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقے کے علاوہ 45لاکھ سے زائد افراد نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے۔ گزشتہ برس اس مدت میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 52 لاکھ سے زائد تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 22لاکھ سے زائد تنخواہ دار افراد نے ٹیکس ریٹرن فائل کیے جبکہ چھوٹے دکانداروں کی سکیم کے تحت 1473 تاجروں نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے۔ ذرائع کے مطابق 137 نئے اور 1336 موجودہ تاجروں نے سکیم کے تحت گوشوارے جمع کرائے جبکہ 2875 دکانداروں نے ٹیکس سکیم میں رجسٹریشن کرائی۔ ملک میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 68لاکھ 15ہزار سے تجاوز کرگئی۔ ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقے کے علاوہ 45لاکھ سے زائد افراد نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے۔ گزشتہ برس اس مدت میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 52لاکھ

(بقیہ20 اندرونی صفحہ 3 پر)

جسٹس منیب اختر نے بطور قائم مقام چیف جسٹس آف پاکستان حلف اٹھالیا

اسلام آباد(اے این این) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے نجی دورہ انگلینڈ کے باعث جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے جسٹس منیب اختر سے حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ میں منعقد ہوئی، جس میں ججز اور عدالتی عملے اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی نجی دورہ انگلینڈ سے 21 اکتوبر کو واپسی ہوگی۔ یاد رہے کہ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے وزیر اعظم کے مشورے پر چیف جسٹس کے برطانیہ، جنوبی کوریا اور جاپان کے دوروں

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

حوثیوں کا مدینہ منورہ پر کروز میزائل حملہ، سعودی اتحادی فوج کا ناکام بنانے کا دعویٰ

دفاعی فورسز نے میزائل کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی انٹرسیپٹ کرکے ناکارہ بنا دیا، اتحاد ترجمان ترکی المالکی

ریاض (اے این این) سعودی قیادت میں یمن میں سرگرم اتحاد نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کی فورسز نے مدینہ منورہ کے علاقے میں ایک کروز میزائل کو فضا میں روک کر تباہ کر دیا۔ اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی کے مطابق دفاعی فورسز نے میزائل کو ہدف

(بقیہ17 اندرونی صفحہ 3 پر)

بیرسٹر گوہر کا عمران خان کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے اظہار لاتعلقی

پی ٹی آئی اس اکاؤنٹ کو کلیم نہیں کرتی، بیرسٹر گوہر کا اسلام آباد ہائیکورٹ میں بیان

اسلام آباد(اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے عمران خان کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے لاتعلقی کا اظہار کردیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں بانی پی ٹی آئی کا ایکس اکاؤنٹ بند کرنے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ اسلام

(بقیہ18 اندرونی صفحہ 3 پر)

نیب (بلوچستان) کے زیرِ اہتمام نیب کمپلیکس، کوئٹہ کینٹ میں بین الجامعاتی تقریری

کوئٹہ (اے این این) قومی احتساب بیورو نیب (بلوچستان) نے آگاہی مہم کے تحت نیب کمپلیکس، کوئٹہ کینٹ میں انسدادِ بدعنوانی کے موضوع پر بین الجامعاتی تقریری مقابلوں (اردو و انگریزی)، مضمون نویسی کے مقابلوں (اردو وانگریزی)، پوسٹر سازی اور خطاطی کے مقابلوں کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں مختلف جامعات کے طلبہ وطالبات نے بھرپور جوش وخروش سے شرکت کی، جن میں نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML)، نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (NUST)، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی (SBK)، الحمد اسلامک یونیورسٹی، یونیورسٹی لا کالج، بلوچستان

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ جاتی اصلاحات وکارکردگی جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان شدید موسمی واقعات سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے، مصدق ملک

آرکٹک اور ہمالیائی خطوں میں تعاون سے گلیشیئرز کے پگھلاؤ کے اثرات سے نمٹنے میں مدد مل سکتی ہے

اسلام آباد(اے این این)وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان گلیشیئرز کے پگھلا، سطحِ سمندر میں اضافے اور شدید موسمی واقعات سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ آئس لینڈ میں آرکٹک سرکل اسمبلی سے خطاب میں مصدق ملک کا کہنا تھا کہ عالمی تعاون اور سائنسی تحقیق ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا آرکٹک اور ہمالیائی خطوں کے درمیان تعاون سے گلیشیئرز کے پگھلاؤ کے اثرات سے نمٹنے میں مدد مل سکتی ہے۔ مصدق ملک نے مزید کہا کہ موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کیلئے سائنسدانوں اور پالیسی سازوں کے درمیان رابطے مضبوط بنانا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان گلیشیئرز کے پگھلا، سطحِ سمندر میں اضافے اور شدید موسمی واقعات سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ آئس لینڈ میں آرکٹک سرکل اسمبلی سے خطاب میں مصدق ملک کا کہنا تھا کہ عالمی تعاون اور سائنسی تحقیق ناگزیر

(بقیہ15 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان، چاغی میں نامعلوم مسلح افراد کا تھانے پر حملہ، دھماکا خیز مواد سے عمارت تباہ

یک مچ بازار میں نصب متعدد سیکیورٹی کیمروں کو بھی فائرنگ کرکے تباہ کردیا گیا، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ(اے این این) بلوچستان کے ضلع چاغی کے دور افتادہ علاقے یک مچ میں نامعلوم مسلح افراد نے آج صبح تھانہ یک مچ پر حملہ کرکے بھاری دھماکا خیز مواد سے تھانے کی عمارت مکمل طور پر تباہ کر دی۔ تھانہ یک مچ کے ایس ایچ او کے مطابق جمعرات کی صبح تقریبا ساڑھے چار بجے مسلح افراد نے تھانے کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے تھانے پر قبضہ کر کے دھماکا خیز مواد نصب کیا اور دھماکے سے عمارت کو ملبے کا ڈھیر بنا دیا۔ واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور تمام پولیس اہلکار محفوظ رہے۔ دوسری جانب سیکیورٹی ذرائع کے مطابق حملے کے دوران

(بقیہ23 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کا رابطہ، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

فریقین کا تمام مسائل کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو واحد راستہ قرار دینے پر اتفاق

اسلام آباد(اے این این) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، جس میں تازہ علاقائی صورتحال اور مسائل کے حل کیلئے سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے تمام مسائل کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو واحد راستہ قرار دینے پر اتفاق کیا۔ دوران گفتگو دونوں وزرائے خارجہ نے مذاکرات کو آگے

(بقیہ24 اندرونی صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی قرارداد پیش

تحریک کے حق میں 214ووٹ آئے ،مخالفت میں 56ووٹ پڑے، اپوزیشن ارکان پر کالی پٹیاں باندھ کر اجلاس میں شریک ہوئے

اپوزیشن کا احتجاج ،گورنر راج نامنظور کے نعرے، ریاستی معاملات آئین کے تحت چلائے جاتے ہیں، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد(اے این این) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے صدارتی فرمان کو کثرت رائے سے منظور کرلیا جبکہ پوزیشن کی جانب سے احتجاج کیا گیا، تحریک کے حق میں 214ووٹ آئے اور مخالفت میں 56 ووٹ پڑے۔ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس جمعرات کو اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، چیرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی، حکومتی واپوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے متعلق کاغذات مشترکہ اجلاس کے سامنے پیش کیے گئے، صدر مملکت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق کاغذات آرٹیکل 232 کی شق 7 کے تحت مشترکہ اجلاس کے سامنے رکھے گئے۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے کاغذات آرٹیکل 234 کی شق 3 کے تحت مشترکہ اجلاس میں پیش کیے گئے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق صدارتی اعلان مشترکہ اجلاس میں پیش

(بقیہ22 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ لواحقین کوئٹہ کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزارت صحت نے ملک بھر سے جعلی ادویات کے خاتمے کا تہیہ کررکھا ہے، مصطفیٰ کمال

وفاقی وزیر صحت کی زیر صدارت جعلی ادویات کے خاتمے کیلئے 2 بارکوڈ کے ٹرائل کا جائزہ

اسلام آباد(اے این این) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزارت صحت نے ملک بھر سے جعلی ادویات کے خاتمے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ وفاقی وزیر صحت کی زیر صدارت جعلی ادویات کے خاتمے کیلئے 2D بارکوڈ کے ٹرائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈریپ چیف ایگزیکٹو آفیسر این ائی ٹی بی بھی شریک ہوئے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈریپ نے وزیر صحت کو 2D بارکوڈ اور Serialization کے نفاذ سے متعلق تفصیل بریفنگ دی ۔ وزیر صحت مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ وزارت صحت نے ملک بھر سے جعلی ادویات کے خاتمے کا تہیہ کررکھا ہے۔ وزارتِ صحت ادویات پر 2D بارکوڈ کے نفاذ کے لیے ڈیڑھ سال سے کام کر رہی ہے 9 .اکتوبر کے بعد مینوفیکچر ہونے والی ہر دوا پر 2D بارکوڈ لگانا لازمی ہوگا۔ مقامی اور ملٹی نیشنل دوا ساز کمپنیاں دس اکتوبر سے تیار ہونے والی ادویات پر "ٹو ڈی بارکوڈ 'سریل نمبر درج

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

فیصل واوڈا کی گفتگو سے ہمارا کوئی سروکار نہیں ہے: رانا ثنا اللہ

پی ٹی آئی دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے ساتھ کھڑی ہوتی تو یہ سخت اقدام اٹھانے کی نوبت نہ آتی

اسلام آباد(جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ فیصل واوڈا کی گفتگو سے ہمارا کوئی سروکار نہیں ہے۔ رپورٹ کے مطابق رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ملک میں ایمرجنسی کا مقصد صرف اور صرف دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہے، اور حکومت اپنے مقصد کے حصول تک اسے جاری رکھ سکتی ہے، خواہ یہ ایک سال کے لیے ہو یا 2029 تک تاہم، مقصد حاصل ہونے پر پارلیمنٹ جب چاہے ایمرجنسی ختم کرنے کا اختیار رکھتی ہے کیونکہ ہمیشہ کے لیے کوئی بھی چیز نافذ نہیں رکھی جا سکتی۔ ایمرجنسی کے نفاذ اور سیاسی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ "فیصل واوڈا کی گفتگو سے ہمارا کوئی سروکار نہیں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے ساتھ کھڑی ہوتی تو یہ سخت اقدام اٹھانے کی نوبت نہ آتی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ پاکستان کی بقا کی جنگ ہے اور اب یہ وہ روایتی دہشت گردی نہیں

(بقیہ25 اندرونی صفحہ 3 پر)

امر بالمعروف و نہی عن المنکر ـــ اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

مذاکرات جاری رہنے چاہئیں

قومی اسمبلی کے سپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا دوسرا طویل دور بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گیا۔ دوسرے روز ابتداء ـ میں اطلاعات سامنے آئی تھیں کہ فریقین بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان سے ملاقات، لانگ مارچ کی منسوخی اور دیگر بنیادی مطالبات پر ابتدائی اتفاقِ رائے تک پہنچ گئے ہیں اور مشترکہ اعلامیے کے مسودے پر دستخط بھی متوقع ہیں لیکن خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خلاف وفاق کے ساتھ تعاون کے معاملے پر ڈیڈلاک برقرار رہا۔ اِسی وجہ سے مذاکرات نتیجہ خیز نہ ہو سکے۔ مذاکرات کا یہ دور گلے شکوؤں کے ساتھ شروع ہوا، حکومتی وفد نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے جاری کردہ لانگ مارچ کے ٹویٹ اور سینئر حکومتی اکابرین کے خلاف مبینہ نازیبا زبان استعمال کرنے پر سخت تحفظات کا اظہار کیا۔ اِس دوران ہی دہشت گردی سے متعلق وزیراعلیٰ کے پی کا موقف سامنے آ گیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ صوبے میں وفاق کی نہیں بلکہ عمران خان کی پالیسی چلے گی جس میں ملک وقوم کی بھلائی ہے۔ اپوزیشن نے وزیر دفاع خواجہ آصف کے بیانات اور سوشل میڈیا پوسٹوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کو آگے بڑھانے کیلئے باہمی اعتماد کی فضاء ـ بحال کرنا ہو گی جبکہ پیپلز پارٹی کی طرف سے مذاکرات کی کامیابی کیلئے لانگ مارچ کو غیر مشروط طور پر ختم کرنے پر اصرار کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی اور حکومتی مذاکرات کاروں کے درمیان معاملات مشترکہ اعلامیے کے حتمی مسودے پر دستخط تک پہنچ چکے تھے اور مسودہ وزیراعظم ہاؤس بھیج دیا گیا تھا۔ میڈیا ذرائع کا دعویٰ تھا کہ اِس میں پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی جانب سے دہشت گردی کیخلاف وفاق کی کوششوں اور پالیسیوں کی بھرپور حمایت، سکیورٹی معاملات کو سیاسی تنازعات سے دور رکھنے اور بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے عدالتی راستہ اختیار کرنے کے نکات شامل تھے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کے پی نے مذاکرات کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی، اپوزیشن کے وفد نے بہت شاندار طریقے سے مذاکرات کیے، سب طے ہو گیا تھا اور معاہدہ بھی تیار ہو گیا تھا جس کی کاپی لیکر وہ صدر صاحب کے پاس گئے اور جب واپس آئے تو معلوم ہوا کہ کے پی حکومت نے مذاکرات کو ویٹو کر دیا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ دھرنے کیلئے اکٹھے ہونے والوں کا مکمل ٹرائل کیا جائے گا، اسلام آباد پر چڑھائی کی اجازت کسی صورت نہیں دی جائیگی۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر اور پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ راجہ ناصر عباس نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ٹیلی فونک رابطہ کر کے معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کیا جس پر اچکزئی نے کہا کہ حکومت کے سامنے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ رکھا جائے اور اگر وہ حامی نہ بھرے تو مزید بات چیت نہ کی جائے۔ اِس کے بعد حکومتی اور اپوزیشن حلقوں میں کشیدگی دوبارہ بڑھ گئی اور پھر دہشت گردی کے معاملے پر اتفاقِ رائے نہ ہونے کے باعث تمام تر کوششوں کے باوجود فریقین کسی متفقہ نکتے پر پہنچنے میں ناکام رہے جس کے نتیجے میں مذاکرات کا یہ طویل اور اہم دور بغیر کسی حتمی معاہدے کے ختم ہو گیا۔ پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ حکومت اپنی تجاویز کو زبردستی منوانا چاہتی تھی جبکہ اپوزیشن کا وفد اپنے اصولی موقف پر ڈٹا رہا کہ خیبر پختونخوا میں انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیاں وفاقی اور صوبائی حکومت کے درمیان ہونے والے معاہدے کی بنیاد پر ہوں اور معاہدہ کے پی اسمبلی میں موجود سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے طے کیا جائے۔ حکومتی وفد نے اپوزیشن کا موقف مسترد کر دیا۔ دوسری طرف وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اتوار سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے کا آغاز غنڈی چوک لکی مروت سے ہو گا، مختلف اضلاع سے عوام مارچ میں شامل ہوں گے اور پھر قافلہ کرک، کوہاٹ، پشاور اور چارسدہ سے ہوتا ہوا آگے بڑھے گا اور پھر کوہاٹ کے قریب قیام پذیر ہو گا۔ کوہاٹ سے لانگ مارچ پشاور اور پھر خیر آباد پہنچے گا جہاں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ اِس وقت خیبر پختونخوا دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اور اِس کے اثرات پورے ملک میں محسوس کیے جا رہے ہیں۔ ایسے حالات میں سیاسی اختلافات کو قومی سلامتی کے تقاضوں پر حاوی نہیں ہونا چاہئے۔ سیاسی مسئلہ کتنا ہی پیچیدہ کیوں نہ ہو، اُسے حل کرنے کا بہترین راستہ مذاکرات ہی ہیں۔ پاکستان کی تاریخ ایسے تلخ واقعات سے بھری پڑی ہے جب سیاسی رویوں میں بے لچکی اور شدت نے جمہوری عمل کو شدید نقصان پہنچایا۔ اہلِ سیاست کو ماضی سے سبق سیکھنا چاہئے۔ اختلافِ رائے سیاست کا ناگزیر حصہ ہے، لیکن ملکی مفاد سے بڑھ کر نہیں۔ مذاکرات کا ایک اور دور نتیجہ خیز نہیں ہو سکا تو کوئی بات نہیں لیکن اِس کی وجہ سے بات چیت کا دروازہ بند نہیں ہونا چاہئے۔ حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے کے مطالبات اور تحفظات کی روشنی میں اپنے اپنے مؤقف پر نظرِ ثانی کر لے، جہاں لچک کی گنجائش ہے وہاں راستہ نکال لیں اور دوبارہ ایک میز پر بیٹھ جائیں۔ مسائل حل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مذاکرات کا سلسلہ چلتا رہے اور فریقین کسی مشترکہ حل تک پہنچنے کی کوشش کریں۔

سموسہ 80 روپے کا ہو گیا ہے!

پرلے روز ایک دوست میرے پاس آیا۔ اسے شہر کے اندر ہی کسی دوسرے علاقے میں کوئی کام تھا اور وہ چاہ رہا تھا کہ میں اس کے ساتھ چلوں۔ میں نے گاڑی نکالی اور اس کے ساتھ روانہ ہو

محمد معاذ قریشی

گیا، اس کا کام ہو گیا اور ہم واپسی کے لئے روانہ ہوئے۔ لکشمی چوک کے قریب سے گزرتے ہوئے ایک جگہ اس نے کہا کہ آئیں آپ کو سموسے کھلاتا ہوں۔ آپ جانتے ہی ہیں کہ لکشمی چوک میں ایک دو جگہ اچھے سموسے ملتے ہیں۔ رش کی وجہ سے سموسوں کی دکان کے قریب نہیں جایا جا سکتا تھا، اس لئے میں نے گاڑی تھوڑی دور سڑک پر ہی روک لی۔ وہ باہر نکلا اور چند لمحوں میں سموسوں کی دو پلیٹیں لے آیا۔ سموسے کھانے کے بعد وہ پلیٹیں دکان پر واپس رکھنے کے لئے جانے لگا تو میں نے کہا کہ پے منٹ میں کرتا ہوں۔ اس نے بتایا کہ پے منٹ وہ پہلے ہی کر چکا ہے۔ پلیٹیں واپس کرنے کے بعد وہ گاڑی میں آ کر بیٹھا تو میں نے ویسے ہی پوچھ لیا کہ سموسہ آج کل کتنے کا ہے اور یہ سن کر میں حیران رہ گیا کہ لاہوریوں کی روزمرہ خوراک کا یہ اہم جزو 80 روپے کا ہو چکا ہے۔ 80 روپے کا ایک سموسہ۔ ہم دونوں نے چار سموسے کھائے تو اس حساب سے ایک چھوٹی سی تفریح بھی کم و بیش 320 روپے میں پڑی۔ یہی سموسہ کبھی آٹھ آنے یا ایک روپے کا ملتا تھا۔ میں سوچ میں پڑ گیا کہ کیا عام دیہاڑی دار بندہ اب سموسہ بھی نہیں کھا سکتا؟ سموسے کا ذکر تو میں نے ویسے ہی کر دیا، حقیقت یہ ہے کہ روزمرہ زندگی کی اشیائے صرف کی قیمتیں اب عام آدمی کی پہنچ سے دور ہو چکی ہیں۔ قیمتیں بڑھتی جا رہی ہیں اور لوگوں کی آمدنی میں اسی شرح سے اضافہ نہیں ہوا ہے۔ نتیجہ غربت کی شرح میں اضافہ ہے 2024-25 میں جس کا معیار 8484 روپے ماہانہ تھا اور ملک میں غربت کی شرح 29 فیصد تھی۔ حکومت کا خیال ہے کہ جو بندہ ماہانہ 8484 یعنی 283 روپے روزانہ کے کما لیتا ہے وہ غریب نہیں ہے، جو اس سے کم کما پاتا ہے، وہ غریب ہے۔ اب آپ خود بتائیں کہ جو بندہ 283 روپے کما پائے وہ 80 روپے کا سموسہ کیسے کھا سکتا ہے۔ اگر دو سموسہ کھا لے گا تو اسے باقی دن بھوکا رہنا پڑے گا۔ یہ امیر غریب والا معیار تو نہیں ہے، یہ تو بس اتنا ہے کہ بندہ مرنے نہ پائے، اتنا کھاتا رہے کہ مر نہ جائے، ورنہ یہ فارمولا بنانے والے آٹھ کیا دس ہزار روپے میں بھی مہینہ گزار کر دکھا دیں تو مان جاؤں۔ ادارہ شماریات کی ایک تازہ رپورٹ کے مطابق ایک ماہ کے دوران مہنگائی کی شرح میں 1.27 فیصد اضافہ ہوا جبکہ جولائی سے ستمبر کے دوران مہنگائی کی شرح 10.20 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات ہی کی ایک اور رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 11.53 فیصد پر پہنچ گئی ہے۔ ایل پی جی 66.59، بجلی 58.59، ڈیزل 44.50، پیٹرول 44.05 اور گندم کا آٹا 32.65 فیصد مہنگا ہوا۔ واضح رہے کہ یہ شرح مہنگائی بڑھنے کی رفتار ہے۔ اس شرح میں کمی ہو تب بھی اس کا مطلب مہنگائی میں کمی نہیں بلکہ مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں کمی ہے۔ ایک طرف عوام کی کسمپرسی کی یہ حالت ہے کہ ان کے لئے بدن و تن کا رشتہ قائم رکھنا مشکل ہو رہا ہے دوسری جانب حکمرانوں کی جانب سے معیشت کے ٹھیک ہونے کے عندیے دیئے جا رہے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے گزشتہ برس جون میں بجٹ تجاویز پر کابینہ کے اجلاس کے بعد کہا تھا کہ پاکستان ایسے مقام پر ہے جہاں ہمیں آگے بڑھنا ہے، تمام معاشی اشاریے باعث اطمینان ہیں، برآمدات اور ترسیلات زر، آئی ٹی ایکسپورٹس میں اضافہ ہوا ہے، اب ہمیں آگے بڑھنا ہے اور ترقی کرنی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ پاکستان اب معاشی میدان میں ٹیک آف کی پوزیشن میں ہے۔ آج ان کے اس خطاب کو سوا سال گزر چکا ہے لیکن معیشت کو ٹیک آف کرتے کسی نے دیکھا۔ الٹا حالت یہ ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کیا جا رہا ہے جو یہ واضح کرنے کے لئے کافی ہے کہ معیشت کی حالت کتنی مضبوط ہوئی ہے۔ اگر معیشت مضبوط ہوئی ہوتی تو اس کے اثرات عوام تک بھی ضرور پہنچے ہوتے، لیکن ان کے لئے وہی قربانیاں ہیں اور مہنگائی کے تھپیڑے۔ روٹین کی مہنگائی کے اثرات تو عوام کسی نہ کسی طرح جھیل ہی رہے تھے، لیکن پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر کیے جانے والے ردوبدل نے مہنگائی کے ایک ایسے طوفان کو جنم دیا ہے جس نے غریب کے ساتھ ساتھ متوسط گھرانوں کے مالی معاملات کو بھی جھنجھوڑ کر اور عام آدمی کو نچوڑ کر رکھ دیا ہے کیونکہ پیٹرول کی قیمت میں چند پیسوں کا اضافہ بھی صرف پٹرول پمپ تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات براہِ راست روزمرہ استعمال کی اشیا، ٹرانسپورٹ، سبزیوں، پھلوں، دودھ، گوشت اور دیگر ضروریاتِ زندگی کی قیمتوں پر بھی پڑتے ہیں۔ اس طرح بجلی، گیس، گھر کا کرایہ، بچوں کی تعلیم، علاج معالجہ اور روزمرہ اشیا کے اخراجات مسلسل بڑھ رہے ہیں کیونکہ آمدنیوں میں اضافے کی کوئی راہ نظر نہیں آتی۔ یہی نہیں واضح معاشی پالیسیاں نہ ہونا عام آدمی کو تو متاثر کر ہی رہا ہے، اس کے خود معیشت پر منفی اثرات بھی کسی سے ڈھکے چھپے نہیں۔ فرانس کے سفیر نے صدر مملکت مجھے لگتا ہے کہ ملک کی معیشت تو ٹیک آف کرنا چاہتی ہے لیکن جب معیشت کا جہاز سپیڈ پکڑتا ہے تو رن وے پر مہنگائی کے سموسوں جتنے بڑے پتھر آ جاتے ہیں جن کی وجہ سے معاشی جہاز کی رفتار قائم نہیں رہتی اور وہ ٹیک آف نہیں کر پاتا۔ عرض صرف یہ کرنا ہے جناب کہ اگر معیشت بہتر ہو چکی ہے تو اس کے سارے نہ سہی تھوڑے سے اثرات ہی عوام تک پہنچنے دیئے جائیں تاکہ وہ ان محدود اثرات کی ہی ریزہ چینی کر سکیں۔ خالی خولی دعوؤں تو نہ معیشت کا پیٹ بھرے گا، نہ عوام کا۔

خیبر پختونخوا، ایمرجنسی اور ابلاغ کا مسئلہ!

ابلاغ کا شعبہ زمانہ قدیم ہی سے مشکل رہا ہے کہ اس کے ذریعے آگاہی ہوتی

چودھری خادم حسین

ہے اگر کسی ادارے، ریاست یا جماعت کا یہ شعبہ مضبوط اور اصولوں کی بنیاد پر ہو تو اس کے نتائج بھی بہتر ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے اور سچ ہمیشہ کامران ہوتا ہے اور ابلاغی عملے اور شعبہ کی یہی کامیابی ہے کہ وہ مصلحت کا شکار ہوئے بغیر جھوٹ کو سچ سے شکست دے اور یہ عمل ازل سے ہے اور ابد تک رہے گا، فرق یہ ہوگا کہ اس شعبہ میں شامل حضرات کا ویژن کیا ہے۔ آج کا دور الیکٹرونک سے بڑھ کر اے آئی (مصنوعی ذہانت) تک پھیل گیا جبکہ سوشل میڈیا ایک بالکل ہی شتر بے مہار ہے اور جھوٹ کا پلڑا بھاری دکھائی دینے لگا ہے، اس سب کے باوجود میں اب بھی یہی سمجھتا ہوں کہ سچ سچ ہی ہوتا ہے اور جھوٹ کو اس سے مات دی جا سکتی ہے، اسی بنیاد پر آج کے معاشروں میں شعبہ ابلاغ کی بڑی اہمیت ہے اور ریاستوں اور ممالک کو بھی اس کی مہارت کی ضرورت ہوتی ہے بلکہ شدت سے ہوتی ہے۔ میرا تجربہ یہ ہے کہ پروپیگنڈے کے محاذ سے ماوراء سچ کا ابلاغ آج بھی بہت موثر ہے اس سلسلے میں ذاتی طور پر آج کے شعبہ انٹرسروسز پبلک ریلیشنز کا قائل ہوں جو بڑے محتاط اور مدلل طریقے سے جھوٹ کا پردہ سچ سے چاک کر رہا ہے لیکن دکھ یہ ہے کہ آج کے اس جدید دور میں بھی جب سیٹلائٹ سے ممالک کی جاسوسی ہوتی اور حالات کا جائزہ لیا جاتا ہے خبروں کو دبانے یا ان کا رخ تبدیل کرنے کا کوئی زیادہ فائدہ نہیں ہوتا بلکہ سچ برسرزمین ہی نہیں بلکہ پروپیگنڈہ کے سامنے بھی موثر ہتھیار ہوتا ہے۔ ان دنوں ملک کے حالات جو ہیں چند روز پہلے جیسے تھے ان کے حوالے سے ہمارے مہربان تجزیہ نگار بہت کچھ کہہ چکے اور کہتے چلے جا رہے ہیں اور ایسی ہی کیفیت مہربان رکھنے والوں کی بھی ہے ابھی تھوڑا عرصہ قبل تحریر کے لئے گوگل کا سہارا لیا جاتا تھا لیکن اب تو بات اے آئی تک بڑھ چکی، ہر دو کا غلط استعمال ہو رہا ہے اور یہی ممالک کی انتظامیہ کا سر درد اور مسئلہ ہے کیونکہ مختلف حوالوں سے جھوٹ اور سچ کا اتنا پھیلاؤ ہو گیا ہے کہ سچ کی تلاش بہت مشکل کام ہو گیا ہے اس کے باوجود سچ تو سچ ہے جو اپنا آپ منوا لیتا ہے۔ اس گزارش کا مقصد صرف یہ ہے کہ ملک کے موجودہ حالات میں بہت ضروری ہے کہ سچ کو پورے جدید نظام کے حوالے سے اس طرح سامنے لایا جائے کہ جھوٹ والوں کو مات ہو جائے۔ ان دنوں بڑا مسئلہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ ہے اور اس حوالے سے ہر قلم کے میڈیا میں بہت کچھ آ رہا ہے۔ دکھ ہے کہ سوشل میڈیا کا بدنیتی سے استعمال کرنے والے ان دنوں چھائے نظر آتے ہیں اور سچ دبا دبا محسوس ہوتا ہے، اس سلسلے میں عرض ہے کہ سرکاری سطح کے ہر محاذ پر ان افواہوں اور جھوٹ کا مقابلہ سچ سے ہونا چاہیے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ جیسے عمل کے لئے حکومت کی طرف سے بڑے مضبوط جواز اور ثبوت دیئے جا رہے ہیں، منگل کے روز سینٹ میں وفاقی وزیر داخلہ نے کئی انکشاف کئے اور ایمرجنسی سے قبل ہونے والے مذاکرات کی تفصیل بھی بتا دی اور یہ دعویٰ بھی کیا کہ وہ بعض اراکین اور دہشت گردوں کے درمیان تعلقات کے ثبوت بھی پیش کر دیں گے۔ ان حالات میں سوشل میڈیا پر جو ادھم برپا ہے اس کا موثر توڑ نہیں ہو رہا اور نہ جواب دیا جا رہا ہے، صرف بیان کے ذریعے وضاحت کی کوشش کافی نہیں بلکہ عملی طور پر ابلاغ سچ پر مبنی اور موثر ہونا چاہیے، اس کے لئے ضروری ہے کہ حقیقی خبر سرکاری ذرائع سے سامنے آئے۔ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کا جو جواز پیش کیا جا رہا اور حالات بتائے جا رہے تھے اور ہیں، ان سے صاف ظاہر تھا کہ جب بھی یہ کارروائی یا ایکشن ہوگا تو جوابی طور پر ردعمل ہوگا، اب یہ الگ بات ہے کہ ردعمل کتنا ہونا تھا، اگر تو پی ٹی آئی کے بیانات کو دیکھیں تو خیبر پختونخوا میں پورے صوبے کو سڑکوں پر نکل آنا چاہیے تھا، نہ تو یہ ہوا اور نہ ہی ممکن ہے کہ احتجاج زیادہ وسیع پیمانے پر ہو، تاہم یہ بھی ممکن نہیں تھا کہ بالکل ہی خاموشی چھا جاتی اور مٹھائیاں تقسیم کرنے والا عمل پورے صوبے میں ہوتا اس مقام پر نئے انتظام کی طرف سے ابلاغ کے شعبہ کا امتحان تھا، میں سمجھتا ہوں کہ اگر نئے انتظام والوں کی طرف سے مختلف مقامات پر احتجاجی مظاہروں اور ان کے جواب میں انتظامی کارروائی کی خبر مناسب طریقے سے عوام تک پہنچائی جاتی تو یہ زیادہ موثر ہوتا اور حقائق و سچ خود بولنے لگ جاتے، لیکن دکھ ہوا کہ اس میدان میں سوشل میڈیا کا جھوٹ پھیلا ہوا ہے۔ مصنوعی ذہانت اور پرانے اجتماعات کی ویڈیوز ایڈٹ کر کے چلائی جا رہی ہیں، ان کے مقابلے میں عملی میدان سے خبریں سامنے نہیں آ رہیں یا پھر دب رہی ہیں۔ بہتر ہوتا کہ اس سلسلے میں نئی انتظامیہ کے شعبہ ابلاغ اور آئی ایس پی آر کے درمیان تعاون ہوتا اور حقائق پر مبنی حالات سے عوام کو آگاہ رکھا جاتا، جیسا کہ آئی ایس پی آر کی طرف سے دہشت گردوں سے مقابلے کی خبر نشر کی جاتی اور خوارج کی ہلاکت کے ساتھ مقابلے میں اگر کوئی اہلکار شہید ہوتا تو اس کی خبر بھی ساتھ دی جاتی ہے خبر کا متن احتیاط سے مرتب ہوتا ہے اس سلسلے میں ایک مثال ضلع خیبر کی معروف مارکیٹ (علاقہ) باڑہ کی دے سکتا ہوں۔ سوشل میڈیا پر اس احتجاج کے حوالے سے بہت زیادہ پروپیگنڈہ کیا گیا۔ اس کے جواب میں انسپکٹر جنرل پولیس نے دو روز بعد ایک بیان میں خبر دی کہ باڑہ میں امن و امان خراب کرنے پر قابو پا لیا گیا ہے۔ پچاس کے قریب شرپسند گرفتار بھی کئے گئے ہیں، شاید یہ تاثر احتیاط کی بناء ـ پر ہو لیکن مخالف سوشل میڈیا تو اس سے پہلے طوفان اٹھا چکا تھا اس لئے گزارش ہے کہ بیانات اپنی جگہ، ان کی اہمیت دوسرے حوالے سے مسلم ہے لیکن واقعہ کی خبر کو روکنا یا اس میں زیادہ تاخیر کرنا مناسب نہیں، بہتر عمل یہ ہے کہ حقائق پر مبنی خبر خود مہیا کی جائے، احتیاط سے منع نہیں کرتا۔

خیبر پختونخوا میں گورنر راج، پنجاب بھی ہائی الرٹ رہا

چودھری خادم حسین

خیبر پختونوا میں گورنر راج اور ہنگامی حالات کا نفاذ کئی روز سے زیر بحث اور غور تھا، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان طویل مذاکرات بھی اس عمل کو روک نہ سکے، حکومت کی طرف سے ردعمل کے سدباب کے لئے بھی انتظامات کئے گئے، صوبائی حکومتوں نے اپنے اپنے دائرہ اختیار میں اجتماعات کے انعقاد پر ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کے تحت حاصل اختیارات کے تحت پانچ یا پانچ سے زیادہ افراد کے اجتماع کے خلاف پابندی عائد کر دی۔ پنجاب حکومت کی طرف سے بھی ایسا کیا گیا اور متعلقہ ڈپٹی کمشنر حضرات نے اپنے اپنے اضلاع میں ایک ایک ماہ کے لئے اجتماع منع کر دیئے۔ یوں لاہور میں انتظامیہ چوکس رہی، پہلے روز شہر سے باہر جانے اور آنے والے راستوں کی نگرانی کا اہتمام کیا گیا، ٹھوکر نیاز بیگ پر تو پبلک ٹرانسپورٹ کی روانگی روکی گئی جس سے کچھ بدمزگی بھی پیدا ہوئی تاہم ذاتی سواری والے حضرات کو آمدورفت کی اجازت تھی، ایسا ہی دوسرے اہم راستوں پر بھی اہتمام کیا گیا اور جانے والے چوراہوں پر ضرورت کے تحت پوچھ گچھ بھی کی گئی یہ سلسلہ پورے ایک روز تک رہا تاہم اگلے روز یہ پابندی ختم کر دی گئی کہ لاہور سمیت پنجاب کے کسی بھی شہر سے احتجاج کی اطلاع نہ ملی۔ وفاقی حکومت کے اس اقدام پر جسے حکومتی ترجمانوں کی طرف سے ناگزیر قرار دیا جا رہا ہے، عدالتوں، وکلاء ـ کے بعض گروہوں نے احتجاج کیا اور نعرے بازی کی۔ پیر کے روز وکلاء ـ نے احتجاج کے ساتھ باہر سڑک پر آنے کی کوشش کی جو پولیس کی بھاری نفری نے ناکام بنا دی، اب تحریک انصاف کے بنیادی رکن حامد خان اور لاہور ہائی کورٹ بار کے عہدیداروں نے اس اقدام کو عدالتوں میں چیلنج کرنے کا اعلان کیا۔ متوقع طور پر قانونی اور آئینی سطح پر بھی یہ جنگ لڑی جائے گی جس کے دوران دائرہ اختیار کا سوال پیدا ہو گا، خصوصاً پنجاب، سندھ اور بلوچستان کی ہائی کورٹوں میں سرکار کی طرف سے یہی اعتراض ہو گا کہ وفاقی حکومت کے اس اقدام کو صوبائی سطح پر چیلنج نہیں کیا جا سکتا تاہم خیبر پختونوا اور اسلام آباد ہائیکورٹ یا وفاقی آئینی عدالت میں درخواستیں دائر ہوں گی یا نہیں اور دائر ہوں گی تو کب؟ تحریک انصاف کی طرف سے بھی چیلنج کرنے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے حوالے سے شکایات کا سخت نوٹس لیا ہے۔ ایک اجلاس کے دوران انہوں نے سختی سے ہدایت کی کہ جو کمپنیاں معیار پر پورا نہیں اتریں ان کا احتساب کیا جائے اور جو لوگ کام ہی چھوڑ گئے ہیں ان سے واجبات وصول کیے جائیں، کارکنوں کی تنخواہوں کے حوالے سے بھی کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا اس لئے ان کے واجبات بھی ساتھ ہی وصول کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ میکرو سطح کے حوالے سے رپورٹ مرتب کر کے دی جائے۔ وزیراعلیٰ صاف ستھرا پنجاب کے حوالے سے خود بہت حساس ہیں اور مانیٹرنگ ٹیموں سے اَپ ڈیٹ خود لیتی ہیں اور حالیہ اقدامات انہی ٹیموں کی اطلاعات کے حوالے سے لئے گئے۔ رپورٹوں میں بتایا گیا تھا کہ کئی ٹھیکیدار حضرات نے کارکنوں کو تنخواہیں ادا نہیں کیں جس سے کام متاثر ہوا، اس کے علاوہ مرکزی علاقوں سے ملحق کالونیوں، ہاؤسنگ سوسائٹیوں سے شکایت تھیں کہ حلقہ وار صفائی نہیں ہوتی۔ علامہ اقبال ٹاؤن اور وحدت کالونی کے بلاکوں اور مصطفیٰ ٹاؤن وحدت روڈ کی گلیوں سے کوڑا نہیں اٹھایا جاتا، حالانکہ صفائی کے لئے یونین کونسل کی سطح پر اہتمام کا حکم دیا گیا تھا۔ حکومت کی طرف سے کوڑا ٹیکس لگانے کا فیصلہ کیا گیا، خبروں کے مطابق محکمہ ایکسائز کو ٹیکس کے لئے ہدایات بھی جاری کی گئی ہیں تاہم شہریوں نے مجموعی طور پر احتجاج کیا اور وزیراعلیٰ کی توجہ مبذول کراتے ہوئے بتایا ہے کہ فیصلے کے مطابق عملہ صفائی کی طرف سے ہر گھر کو کوڑا بیگ تقسیم کیا جانا تھے کہ وہ اپنے گھر کا کوڑا اس میں جمع کریں، عملہ صفائی مقررہ وقت طے کر کے بھرا بیگ لے کر نیا اور خالی بیگ دے جائے گا اس ہدایت پر تو عمل نہیں ہوا اور ٹیکس لگایا گیا ہے، جو در حقیقت جبر کی شکل ہے اور شہری اسے بھی بھتہ قرار دے رہے ہیں ان کا مطالبہ ہے کہ پہلے سکیم کے اس پہلو پر عمل کیا جائے اور پھر ٹیکس وصول کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے ایک اور اجلاس کی صدارت کے دوران پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کا دائرہ پورے پنجاب میں وسیع کرنے کا فیصلہ کر کے ہدایت کی جن اضلاع میں یہ اتھارٹی نہیں وہاں بھی قائم کی جائیں اور جلد از جلد عمل کیا جائے کہ شہروں کو درختوں، پودوں اور پھولوں سے سر سبز ہونا چاہیے۔ شجر کاری ثواب بھی ہے اور درخت آکسیجن کا بہت بڑا ذریعہ ہیں۔ وزیراعلیٰ نے اتھارٹی کے سربراہوں کو دیکھ بھال کی ہدایت کی، پی ایچ اے لاہور کے سربراہ نے گزشتہ روز لاہور کا جائزہ لیا، تاہم ان کا دائرہ کار بھی پوش علاقوں تک محدود رہا۔ ڈائریکٹر جنرل کو اپنے حکام سے دریافت کرنا چاہئے کہ حالیہ سیزن میں شجر کاری کہاں کہاں ہوئی اور کینال بنک کے مردار درخت تا حال کیوں کھڑے ہیں اور مصطفےٰ ٹاؤن کی پارکوں کا نوٹس کیوں نہیں لیا گیا جو برباد ہو رہی ہیں۔ گرین بیلٹ اور علاقائی گھاس بھینسوں کے ریوڑ کھا رہے ہیں، ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں!

بقیہ جات

بقیہ 1

ازعور نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ یہ جنگ وسیع تر خطے پر انتہائی غیر مساوی معاشی دھچکے کا سبب بن رہی ہے، جس کے نتیجے میں براہِ راست متاثر ہونے والے ممالک شدید دبا کا شکار ہیں۔ آئی ایم ایف (IMF) اور عالمی بینک کے بنکاک میں ہونے والے سالانہ اجلاسوں کے دوران ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، ازعور نے کہا کہ "مستقبل کے حالات کا انحصار بنیادی طور پر اس بات پر ہے کہ توانائی کی پیداوار اور تجارت کتنی جلدی معمول پر آتی ہے، اور ممالک کس حد تک اپنی میکرو اکنامک استحکام کو برقرار رکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملوں اور آبنائے ہرمز کی بندش سے توانائی کی سپلائی متاثر ہوئی، لیکن پہلے سے موجود ذخائر، متبادل راستوں اور طلب میں کمی کے باعث اس بحران کے اثرات محدود رہے۔ تاہم ان کے بقول، "یہ حفاظتی عوامل وقتی ریلیف فراہم کرتے رہے۔

بقیہ 2

عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ پاکستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف مؤثر کارروائیاں ملک دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنانے کے قومی عزم کی عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ خدمات قابل قدر ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ پاکستان کے محفوظ اور پُرامن مستقبل کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر کے خلاف پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور امن واستحکام کے لیے قومی سطح پر اتحاد اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔

بقیہ 3

واپس آنے کی اجازت دی؟ اسحاق ڈار نے کہا کہ سرحد کھولنے کا فیصلہ غلط تھا، جبکہ کابل میں چائے پینے کے بعد دہشت گردوں کو چھوڑ دیا گیا، دہشت گردوں کو کس خوشی میں رہا کیا گیا اور ملک کو بار بار ایسی غلطیوں کا سامنا کیوں کرنا پڑ رہا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ کالعدم ٹی ٹی پی کے بھاگے ہوئے دہشت گردوں کی واپسی کے بعد ملک میں ایک مرتبہ پھر بدامنی اور دہشت گردی کے مسائل شروع ہوگئے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ جن لوگوں نے ایسے فیصلے کیے، انہیں دہشت گردی کی دوبارہ واپسی کی ذمہ داری قبول کرنی چاہیے، کیوں کہ ان فیصلوں کے نتائج پوری قوم نے بھگتے۔ اسحاق ڈار کا ماضی میں دہشت گردی کے خلاف کیے گئے اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے کہنا تھا کہ سانحہ آرمی پبلک اسکول (اے پی ایس) کے بعد آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) منعقد ہوئی اور نیشنل ایکشن پلان تشکیل دیا گیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اس کے بعد آپریشن ضربِ عضب شروع کیا گیا، جس کے نتیجے میں دہشت گردوں کو علاقے چھوڑنے پڑے، ملک بھر میں دہشت گردوں کا تعاقب کیا گیا اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائیاں کی گئیں۔ نائب وزیراعظم نے یہ سوال بھی اٹھایا کہ جیلوں میں قید دہشت گردوں کو کس حکومت نے رہا کیا اور انہیں دوبارہ سرگرم ہونے کا موقع کس نے دیا؟ ان کے مطابق ماضی کے غلط فیصلوں کے باعث دہشت گردی دوبارہ سر اٹھانے میں کامیاب ہوئی اور پاکستان کو اس کی بھاری قیمت چکانا پڑی۔ اسحاق ڈار نے واضح کیا کہ دہشت گردی کا معاملہ اب محض سیاسی مفاہمت تک محدود نہیں رہا بلکہ صورتحال اس سے آگے نکل چکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر اب بھی دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو پھر اس مسئلے سے نمٹنے کا مناسب وقت کون سا ہوگا؟ نائب وزیراعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ملک کی سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن حکمت عملی ناگزیر ہے۔

بقیہ 4

نے کہا کہ معصوم طلبہ کی قیمتی جانوں کا ضیاع ایک انتہائی المناک سانحہ ہے جس پر ہم سب غمزدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مشکل وقت میں وہ تمام سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی اور غمزازی کا اظہار کرتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ پروردگار جاں بحق ہونے والے بچوں کے لواحقین کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ وہمت دے۔ آمین

بقیہ 5

اسکول مارچ 2026 میں پرائیویٹ اسکولز ریگولیٹری اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ ہوا اور خستہ حال عمارت ہونے کے باوجود اس کو رجسٹریشن دے دی گئی، ایم ڈی کے پی پی ایس آر اے جاوید اقبال نے بتایا کہ پی پی ایس آر اے کے پاس عمارتوں کا تکنیکی معائنہ کرنے والی کوئی ٹیم موجود نہیں، کلاس رومز اور دیگر انتظامی معیار پورا ہونے پر اسکول کو رجسٹرڈ کیا گیا، خستہ عمارتوں پر جرمانہ عائد کرنے کا اختیار تو ہے لیکن اسکول بند کرنے کا اختیار نہیں۔ گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی نے اسکول کی چھت گرنے کے دلخراش واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کر لی اور زخمی بچوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی سخت ہدایات جاری کی ہیں۔ دوسری جانب پولیس نے اسکول کے پرنسپل کو بھی حراست میں لے لیا ہے، پولیس کا کہنا ہے کہ یہ ادارہ کب بنا تھا اس کی انکوائری کی جا رہی ہے اور واقعے کی باضابطہ ایف آئی آر بھی درج کی جا رہی ہے، منہدم ہونے والی اسکول کی عمارت 3 منزلہ تھی اور واقعے کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لیے ایک انکوائری کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق واقعے میں زخمیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہے۔ ریسکیو 1122 نے ایمبولینسز کے ذریعے 30 سے زائد زخمی طلبہ اور اساتذہ کو لیڈی ریڈنگ اسپتال منتقل کیا۔ اسپتال انتظامیہ کا کہنا ہیکہ 28 لاشیں لیڈی ریڈنگ اسپتال اور 2 لاشیں نصیر اللہ بابر میموریل اسپتال لائی گئی ہیں۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ 25 زخمی بچوں کو اسپتال منتقل کیا گیا، جاں بحق ہونے والے بچوں کی عمریں 7 سے 13 سال کے درمیان ہیں۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید نے بتایا کہ واقعے میں زخمیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہے جب کہ نجی اسکول کے مالک کو گرفتار کرلیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ اسکول کی عمارت 3 منزلہ تھی، واقعے سے متعلق انکوائری کمیٹی قائم کردی ہے، انکوائری کمیٹی چھت گرنے کی وجوہات کا پتا لگائیگی۔ ریسکیو حکام کے مطابق اسکول کی عمارت کا ملبہ ہٹایا جارہا ہے اور ملبے تلے دبے تمام افراد کو نکال لیا گیا ہے۔

بقیہ 6

بلوچستان میں مغربی روٹ کی شاہراہوں کے 718 کلو میٹر طویل منصوبوں پر پیشرفت جاری ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق مغربی زون میں شاہراہوں کے منصوبوں کے لیے مختص فنڈز میں سے 163.17 ارب روپے جاری کیے جا چکے ہیں۔ خضدار، کچلاک شاہراہ کے 330 کلو میٹر طویل منصوبے کے لیے 82.6 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ہوشاب، آواران، نال، بسیمہ، خضدار اور ژوب، کچلاک روٹس کے لیے مختص 83.2 میں سے 54.9 ارب روپے کے فنڈز جاری کیے گئے۔ بسیمہ اور خضدار کے اہم روٹ کے لیے مختص فنڈز کا 94 فیصد حصہ ترقیاتی کاموں پر خرچ ہوچکا ہے۔ سی پیک کے جدید سڑک نیٹ ورک سے بلوچستان میں تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی مواقع کے نئے دروازے کھل رہے ہیں۔

بقیہ 7

جاری کردیا، فیصلے کے مطابق انا کی تسکین کیلئے لڑکی کے قاتل کو کوئی رعایت نہیں ملے گی، عورت کوئی مال یا شے نہیں جس پر زبردستی قبضہ کیا جائے، اسلام میں بھی نکاح کیلئے عورت کی رضامندی بنیادی شرط ہے۔ فیصلے کے مطابق بدقسمتی سے صدیوں تک عورت مردوں کیلئے تبادلے کا سامان بنی رہی، وٹہ سٹہ اور ونی جیسی فرسودہ رسوم کی اجازت اب نہیں دی جائے گی، دیگر مجرمان کو سزا میں کمی کیلئے میسر رعایت عورت کے قاتل کیلئے نہیں۔ مجرمان کامران کی نظر ثانی درخواست خارج کی جاتی ہے۔

بقیہ 8

لیڈ کے لیے تیار نہیں تھی، اور نہ ہی انہوں نے دہشت گردی کی مذمت کی، تمام پریس ریلیز نکلوا لیں کہیں مذمت نہیں ملے گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ میں ذاتی طور پر وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی سے کئی بار ملا، ہم نے طے کیا کہ پانچ اضلاع میں پولیس کو مضبوط کریں گے تاکہ وہ کارروائی کر سکے، یہ بات سہیل آفریدی سے میں نے مل کر خود طے کی تھی مگر بعد میں انہیں کون ہدایات دیتا ہے یہ الگ بات ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ مذاکرات سے اٹھ کر ہم نہیں گئے، ہم نے کوئی ٹائم لمٹ بھی نہیں دی، مذاکرات ہر بار ہم نے آ کر کیے، انہوں ل ے ایک کاغذ لہرایا اور کہا کہ اس میں موجود تمام شرائط کے پی حکومت کی تھیں جو ہم نے مانیں آخری لائن ہماری تھی، لانگ مارچ بھی ہم نے کہا کرلیں۔ انہوں ل ے کہا کہ جب موقع ملے سہیل آفریدی سے پوچھیں جب بھی کے پی کے لیے پیسوں کا مسئلہ آیا میں سی ایم کو لے کر وزیراعظم کے پاس گیا، ان کا ایک ایک مسئلہ حل کرنے کی کوشش کی، آخری گھنٹے تک ہماری کوشش تھی کہ ان بارہ اضلاع میں ایمرجنسی نہ لگے، سی ایم سہیل آفریدی نے ایک بار بھی آپریشن کے لیے فوج کے ساتھ کھڑا ہونا گوارا نہیں کیا اور ہر بار کہا کہ سیاسی طور پر آپریشن افورڈ نہیں کرسکتا۔ محسن نقوی نے کہا کہ یہ ابھی سے نہیں ہے ہم نے اگست ستمبر یا اس سے پہلے بھی ہی کوشش کہ کہ کے پی حکومت دہشت گردی کے خلاف تعاون کرے مگر وہ راضی نہ ہوئی اور نہ آپریشن کو انہوں نے اون کیا۔ انہوں نے ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش کی کہ پی ٹی آئی کے بڑے آئیں اور بات کریں اور وہیں فیصلہ کریں، آپ بھی اختیار لے کر آئیں ہم بھی اپنے پی ایم سے اختیار لے کر آئیں گے اور جو بات ہوگی وہیں ہوگی یہ نہیں ہوگا کہ ہم پوچھ کر آتے ہیں۔ انہوں نے مذاکرات کے کچھ پوائنٹ پڑھے اور کہا کہ پہلا پوائنٹ اپوزیشن لیڈرز اور وزیراعظم کی ملاقات کا تھا، دوسرا پوائنٹ سیاسی کمیٹی کی تشکیل تھی، تیسرا یہ کہ جس کا جو قانونی حق ہے اسے دیا جائے جس میں علاج اور ملاقاتیں شامل ہیں، چوتھا پوائنٹ کے پی میں دہشت گردی میں نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرنا تھا یہ پی ٹی آئی کی حکومت کا ہی بنایا ہوا تھا۔

بقیہ 9

محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے، انتظامی ڈھانچے کو مؤثر بنانے، سرکاری وسائل کے بہتر استعمال اور عوام کو خدمات کی فراہمی کے معیار میں بہتری لانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے اصلاحات کو عملی نتائج سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔ حکومتی اداروں کی افادیت کا تعین ان کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار سے ہونا چاہیے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ہر محکمہ اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر انداز میں ادا کرے اور کارکردگی کو قابلِ پیمائش نتائج سے منسلک کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور اداروں کی استعدادِ کار میں اضافہ بہتر طرز حکمرانی کے لیے ناگزیر ہے۔ محکموں کی تنظیم نو اور اصلاحات کے عمل میں عملی ضروریات، انتظامی کارکردگی اور عوامی مفاد کو بنیادی اہمیت دی جائے، تاکہ سرکاری مشینری کو زیادہ فعال اور جواب دہ بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور فرائض کی انجام دہی میں غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ محکموں کی ذمہ داریوں اور دائرہ کار کا واضح تعین انتظامی امور میں بہتری لانے اور کارکردگی بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر زور دیا کہ اصلاحات کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں کو زیادہ مؤثر بنانا اور عوام کو بروقت اور معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی ڈھانچے میں بہتری کے لیے ایسی تجاویز کو اہمیت دی جانی چاہیے جو حکومتی امور میں شفافیت، جواب دہی اور کارکردگی کو فروغ دینے میں معاون ہوں۔ اجلاس میں مختلف صوبائی محکموں کی موجودہ کارکردگی، انتظامی ڈھانچے اور فعالیت سے متعلق تجاویز کا جائزہ لیتے ہوئے اصلاحاتی عمل کو نتیجہ خیز بنانے کے امور پر غور کیا گیا۔

بقیہ 10

اہم اجلاس جمعہ 16 اکتوبر کو سہ پہر 3:00 بجے صوبائی اسمبلی کے ایوان میں طلب کر لیا گیا ہے۔ سرکاری اطلاع کے مطابق اجلاس کی صدارت اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کریں گے، جس میں قانون سازی، صوبائی امور اور عوام کو درپیش اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ تمام اراکین اسمبلی کو مقررہ وقت پر اجلاس میں شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 11

مکمل خاتمہ کر کے دم لیں گے۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا کہنا تھا کہ تمام ماحولیاتی نمونوں کا منفی آنا تین سال کی مسلسل جدوجہد اور شب وروز محنت کا نتیجہ ہے، حکومت بلوچستان کے اصلاحاتی ایجنڈے اور پالیسیوں کے تسلسل سے پولیو کے خاتمے کی جانب اہم کامیابی حاصل ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت، پولیو ورکرز اور والدین کی مشترکہ کاوشیں قابل تحسین ہیں، دہشت گردی کے خطرات اور دشوار گزار علاقوں کے باوجود پولیو ورکرز بچوں تک پہنچتے رہے، شدید گرمی، سردی اور بنیادی سہولیات کی کمی بھی پولیو ورکرز کے عزم کو متزلزل نہ کر سکی۔ وزیر صحت کا مزید کہنا تھا کہ حکومت بلوچستان پولیو ورکرز کے ساتھ کھڑی ہے، ان کی خدمات اور قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، پولیو کے خاتمے کے لئے حاصل ہونے والی پیش رفت کو برقرار رکھیں گے۔

بقیہ 12

سابق صدور جہنید ہوت اور شمس الحق کلمتی، جبکہ سابق جنرل سیکریٹری خالد سیف شامل تھے۔ اجلاس میں گوادر پورٹ سے گبد/ ریمدان 250 بارڈر کے ذریعے تجارت کے فروغ، ٹرانسپورٹیشن، کسٹمز، سیکیورٹی، کنٹینرز کی نقل وحرکت اور ٹی آئی آر (TIR) نظام سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ اس موقع پر زور دیا گیا کہ گوادر سے ایران کے سرحدی علاقے تک مختصر ترین زمینی راستے سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دی جائے اور گبد/ ریمدان کوریڈور کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ اجلاس میں گبد/ ریمدان بارڈر پر پارکنگ، وزن کرنے کے کانٹے اور دیگر سرحدی سہولیات کی عدم دستیابی یا ان سے متعلق مسائل بھی زیر غور آئے۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ ان مسائل اور تجارتی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے کسٹمز سمیت دیگر متعلقہ حکام کے ساتھ ہونے والے اجلاس میں امور کو اجاگر کیا جائے گا، تاکہ سرحدی تجارت کو سہل بنانے اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جاسکیں۔ واضح رہے کہ آنے والا اجلاس 8 اکتوبر 2026ء کو کراچی میں ڈی جی ٹرانزٹ اینڈ ٹریڈ کسٹم کی زیرِ صدارت منعقدہ ٹرانزٹ ٹریڈ اجلاس کا تسلسل ہوگا۔ کراچی اجلاس میں گوادر پورٹ کے ذریعے ایران کے ساتھ زمینی تجارت، ٹی آئی آر (TIR) نظام اور تجارتی سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا تھا کہ عملی پیش رفت کو یقینی بنانے اور مسائل کے حل کے لیے دوسرا اجلاس گوادر میں منعقد کیا جائے گا، جس میں متعلقہ حکام، تاجر برادری اور کلیئرنگ ایجنٹس کی شرکت سے تجارتی مسائل کے حل اور سرحدی تجارت کے فروغ کے لیے اقدامات کو آگے بڑھایا جائے گا

بقیہ 13

نے 12 اور 13 اکتوبر کی درمیانی شب واشک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن بھارتی پراکسی فتن؟ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے فوری اور فیصلہ کن کارروائی میں دہشت گردوں کا ٹھکانہ تباہ کر دیا گیا، آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 5 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، ہلاک دہشت گردوں کے ٹھکانے سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ علاقے میں ممکنہ دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، عزمِ استحکام کے تحت ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔ اس کے علاوہ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور انسانی اسمگلرز کیخلاف کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے ضلع مستونگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 2 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا۔ ضلع مستونگ کیعلاقہ پرنگ آباد کے قریب سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کی نقل وحرکت پر بروقت کارروائی کی، سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کیعلاقے دشت اور تربت میں انسانی اسمگلنگ کی کوشش کو ناکام بنادی۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے غیر قانونی طور پر ایران اور یورپ جانے کی کوشش کرنے والے 104 غیر قانونی افغان شہریوں کو گرفتار کرلیا۔ سیکیورٹی فورسز بلوچستان سے دہشتگردی کے خاتمے اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 14

ہوئے کیا۔ اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، آئی جی جیل خانہ جات، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ، ڈی پی او پشین خلیل بگٹی سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع قلعہ عبداللہ میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ متعلقہ حکام نے علاقے میں امن وامان سے متعلق اقدامات اور درپیش مسائل پر بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ عوام کے جان ومال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ امن وامان کی بہتری، جرائم کی روک تھام اور منشیات کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں تاکہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 15

ہے۔ انہوں نے کہا آرکٹک اور ہمالیائی خطوں کے درمیان تعاون سے گلیشیئرز کے پگھلاؤ کے اثرات سے نمٹنے میں مدد مل سکتی ہے۔ مصدق ملک نے مزید کہا کہ موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کیلئے سائنسدانوں اور پالیسی سازوں کے درمیان رابطے مضبوط بنانا ضروری ہے۔

بقیہ 16

یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز، جامعہ بلوچستان اور بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) شامل تھیں۔ اس تقریب کا بنیادی مقصد نوجوان نسل میں بدعنوانی کے منفی اثرات کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا، کردار سازی، دیانت داری اور شفاف طرزِ عمل کو فروغ دینا اور معاشرے میں بدعنوانی کے خلاف شعور وآگاہی کو مزید مستحکم کرنا تھا۔ مقابلوں کے دوران شرکاء نے اپنی تخلیقی اور فکری صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا اور بدعنوانی کی روک تھام، شفافیت، دیانت داری، میرٹ، قانون کی پابندی، قومی ذمہ داری اور خود احتسابی جیسے اہم موضوعات کو اجاگر کیا۔ تقریب میں اس امر پر زور دیا گیا کہ نوجوان ملک کا مستقبل ہیں اور ان میں ایمانداری، دیانت داری، قانون کے احترام اور قومی ذمہ داری جیسی اقدار کو فروغ دے کر ایک شفاف اور بدعنوانی سے پاک معاشرے کی بنیاد کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ مقابلوں کے نتائج جیوری کے اراکین نے ہر زمرے میں درج ذیل شرکاء کو پہلی پوزیشن کا حقدار قرار دیا: آشر حسین تقریری مقابلہ) انگریزی (NUST، یسمرن طارق بلوچ تقریری مقابلہ (اُردو (N U S T، انعام اللہ مضمون نویسی (انگریزی (بلوچستان یونیورسٹی، رضیہ نذیر مضمون نویسی (اردو) بلوچستان یونیورسٹی، زلا احسان پوسٹر سازی یونیورسٹی لاء کالج، سرفراز خطاطی بلوچستان یونیورسٹی۔ اختتامی کلمات میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان، جناب نیاز حسن نے مقابلوں میں حصہ لینے والے طلبہ وطالبات کے پُراعتماد خیالات، تخلیقی صلاحیتوں اور جوش وجذبے کو سراہا۔ انہوں نے جیوری کے اراکین اور متعلقہ جامعات کے فوکل پرسنز کا بھی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 17

تک پہنچنے سے پہلے ہی انٹرسیپٹ کرکے ناکارہ بنا دیا۔ تاحال یہ واضح نہیں کیا گیا کہ میزائل کہاں سے داغا گیا تھا، اس کا ممکنہ ہدف کیا تھا اور آیا اس واقعے میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان ہوا ہے۔ میزائل حملے کی ذمہ داری بھی کسی فریق کی جانب سے قبول کئے جانے کی اطلاع نہیں ہے۔ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات اور آزاد ذرائع سے تصدیق سامنے آنا باقی ہے۔

بقیہ 18

آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے شہری کی درخواست پر سماعت کی جس دوران چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان عدالت کے سامنے پیش ہوئے جبکہ بانی پی ٹی آئی کے وکلا خالد یوسف چوہدری، شمسہ کیانی اور این سی سی آئی اے حکام بھی عدالت پیش ہوئے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے بیرسٹر گوہر سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو ذاتی طور پر نہیں بلایا تھا صرف تحریری جواب بھجوا دیتے، چیئرمین پی ٹی آئی نے عدالت میں بانی پی ٹی آئی کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی اس اکاؤنٹ کو کلیم نہیں کرتی۔ بیرسٹر گوہر نے استدعا کی کہ حالات تبدیل ہوگئے ہیں، کچھ وقت دیا جائے، جواب جمع کرا دیں گے، جس پر فاضل جج نے کہا کہ آپ کو وقت دیتے ہیں جو کہنا ہے تحریری طور پر جمع کرائیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عدالت کچھ زیادہ وقت دے تو تفصیلی جواب جمع کرادیں گے، عدالت نے بیرسٹر گوہر کی استدعا منظور کرتے ہوئے کیس کی سماعت 23 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 19

کے لئے این او سی اور بیرونِ پاکستان رخصت کی منظوری دی تھی۔ چیف جسٹس آف پاکستان 14 سے 21 اکتوبر اور 27 اکتوبر سے 4 نومبر 2026 تک برطانیہ، جنوبی کوریا اور جاپان کے دورے پر جائیں گے۔

بقیہ 20

سے زائد تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 22 لاکھ سے زائد تنخواہ دار افراد نے ٹیکس ریٹرن فائل کیے جبکہ چھوٹے دکانداروں کی سکیم کے تحت 1473 تاجروں نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے۔ ذرائع کے مطابق 137 نئے اور 1336 موجودہ تاجروں نے سکیم کے تحت گوشوارے جمع کرائے جبکہ 2875 دکانداروں نے ٹیکس سکیم میں رجسٹریشن کرائی۔

بقیہ 21

کرنے کی پابندی ہوں گی۔ درآمدی ادویات بھی ملک بھر میں "ٹو ڈی بارکوڈ" کے بغیر فروخت نہیں کی جا سکیں گی۔ ڈریپ نے دوا ساز کمپنیوں کے نمائندوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی متعلقہ تربیت مکمل بھی کرلی ہے۔ عام شہری موبائل ایپ کے ذریعے دوا اصلی یا نقلی ہونے کی تصدیق کر سکیں گے۔ موبائل ایپ سے دوا کی قیمت اور ایکسپائری ڈیٹ معلوم کرسکیں گے۔ فارمیسیز، میڈیکل اسٹورز اور عام شہری موبائل ایپ سے دوا کی تصدیق کر سکیں گے۔ ویٹرنری اور پولٹری ادویات پر بھی 2D بارکوڈ کا نظام نافذ ہوگا۔

بقیہ 22

کیے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا دلخراش واقعہ آیا، چھت گرنے سے بچے اور اساتذہ شہید ہوئے، پشاور اسکول واقعے میں شہید ہونے والے بچوں کیلئے دعا مغفرت کی گئی، بچوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کے لیئے ے فوائد معطل کرنے کی تحریک مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، تحریک وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ صدر مملکت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی قرارداد مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، اپوزیشن اراکین نے پارلیمنٹ کے سیشن میں احتجاج شروع کردیا۔ اپوزیشن اراکین بازوؤں پر کالی پٹیاں باندھ کر اجلاس میں شریک ہوئے، اپوزیشن اراکین نے گورنر راج نامنظور کے نعرے لگائے۔ اپوزیشن نے گنتی چیلنج کر دی۔ اسپیکر نے قرارداد کے حق اور مخالفت میں اراکین کو گننے کی ہدایت کی، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی قرارداد کے حق میں 214 اراکین نے حمایت کی، 56 اراکین نے قرارداد کی مخالفت کی۔ صدر مملکت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی قرارداد مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، اپوزیشن اراکین نے ایوان میں نعرے بازی جاری رکھی۔ مشترکہ اجلاس میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق قرارداد پر بحث شروع ہوئی۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے بحث کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا کے معاملے پر پارلیمان کے دونوں ایوانوں میں بحث ہوئی، آئینی تقاضے کے مطابق معاملہ اب پارلیمنٹ کیمشترکہ اجلاس میں لایا گیا ہے۔ اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے انتظامی اور قانون سازی امور سے متعلق طریقہ کار دیا گیا ہے، ریاستی معاملات آئین کے تحت چلائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں اپوزیشن کی جانب سے سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے، کچھ حلقوں کی جانب سے حکومتی اقدام کو 12 اکتوبر سے جوڑا گیا ہے۔ اعظم نذیر تارڑ کا مزید کہنا تھا کہ اسلام آباد اور پشاور میں ایپکس کمیٹی کے اجلاس ہوتے رہے ہیں، ایک ہی روز میں لکی مروت، ٹانک اور باجوڑ میں دہشتگردی کے واقعات ہوئے، بحرانی وقت میں وزیر اعلیٰ کو زخمیوں کے پاس اسپتال میں ہونا چاہیے تھا۔ ایسے وقت میں ریاست کو ترجیح دے کر سیاست کو پیچھے رکھنا پڑتا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے صدر کو تفصیلی خط کے ذریعے معاملات سے آگاہ کیا جس میں قومی سلامتی کی رپورٹس شامل تھیں۔ وفاقی کابینہ نے وزیراعظم کو ایمرجنسی اور گورنر راج کی تجویز دی، وزیراعظم نے منظوری کے بعد سمری وزیراعظم کو بھیجی، صدر مملکت نے اس رپورٹس کی روشنی میں ایمرجنسی کی منظوری دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا کو جی ڈی پی کا ایک فیصد دینے کا فیصلہ ہوا، رواں سال خیبر پختونخوا کو 13 ہزار ارب روپے دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئینی تقاضا پورا کرنے کیلئے اج کا اجلاس بلایا گیا ہے، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اس پر بات ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے سوال ہوں گے تو جواب دیں گے، کچھ لوگوں نے اس اقدام بارہ اکتوبر سے جوڑا۔ ایپکس کمیٹی کے اجلاس اسلام آباد اور پشاور میں ہوتے رہے، صوبے میں ایک روز میں لکی مروت، ٹانک، باجوڑ میں واقعات ہوئے، ایسے وقت میں وزیراعلی کو لانگ مارچ کی بجائے ہسپتال میں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا ریاستی معاملات آئین کے تحت چلائے جاتے ہیں۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے مشترکہ اجلاس سے خطاب میں کہا کہ جن حالات میں ہمارا ملک پھنس گیا ہے، خدا کو حاضر وناظر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری اندرونی خامیوں کا نتیجہ ہے، آئین بڑی مشکل سے بنا پاکستان ٹوٹنے کے بعد، پاکستان ٹوٹا بھی ہماری انا کی وجہ سے، سکندر مرزا سے متعلق مشہور ہے یہ اس بندے کا نواسہ ہے، جس نے سراج دولا کو دھوکا دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ نے گورنر راج لگایا، آپ بھی اس میں کود پڑے، قوائد وضوابط میں ہماری طرح آپ کے لیے بھی حدود ہے، آپ یہاں بیٹھے تھے آپکی وردیاں پہن کر ادارے 8 ممبران کو اٹھا کر لے گئے، مذاکرات اس بات پر ہونگے پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ ہوگی، صوبوں کے وسائل پر ان کا حق ہوگا، بیٹھیں غیر مشروط مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان ہاتھوں کو روکیں گے، جمہوریت پر یقین رکھنے والی جماعتوں کا محاذ بنائینگے، گیارہ بارہ لوگوں کو گولیاں ماری گئیں، کیا احتجاج کرنا جرم ہے، لوگوں نے ردعمل دیا آپ کو چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی

بقیہ 23

لیا اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں اور ملزمان کی تلاش کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن بھی جاری ہے۔ تاحال کسی گروپ نے حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی۔ چاغی میں گزشتہ مہینوں کے دوران بھی متعدد واقعات پیش آ چکے ہیں جن میں سرکاری تنصیبات اور تجارتی گاڑیوں کو نشانہ بنایا گیا۔ حکام نے علاقے میں سیکیورٹی کو مزید سخت کر دیا ہے جبکہ تحقیقات کے مزید نتائج کا انتظار ہے۔

بقیہ 24

کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے تمام مسائل کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو واحد راستہ قرار دینے پر اتفاق کیا۔ دوران گفتگو دونوں وزرائے خارجہ نے مذاکرات کو آگے بڑھانے اور کشیدگی میں کمی کی کوششوں کی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے تمام امور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 25

رہی جس کا ملک کو گزشتہ 40 سال سے سامنا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ معرکہ حق میں دشمن دیکھ چکا ہے کہ وہ کھلی عالمی جنگ نہیں لڑ سکتا، اس لیے اس نے مختلف پراکسیز کے ذریعے پاکستان کو نقصان پہنچانے کا ارادہ کیا ہے۔ اسی لیے ملک کی سیاسی وعسکری قیادت نے متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ اب دہشت گردی کا پوری قوت سے خاتمہ کیا جائے گا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کالعدم تنظیمیں اور پی ٹی آئی کے بعض عناصر بھتہ خوری اور منشیات کے دھندے میں ملوث ہیں، اور جو شخص پاکستان کے دشمنوں کی پناہ میں بیٹھا ہو اس سے کسی خیر کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ سابقہ مذاکرات کے حوالے سے بات کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے انکشاف کیا کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کرنے والے افراد انتہائی سینئر اور معاملے کا مکمل ادراک رکھنے والے تھے۔ تاہم، جب مذاکراتی ٹیم سہیل آفریدی سے بات کرتی تھی تو وہ پیچھے کسی اور سے ہدایت لیتے تھے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ پسِ پردہ مراد سعید موجود تھے جو ان مذاکرات کو کامیاب نہیں ہونے دیتے تھے، کیونکہ ان کے ذہن میں ایک جھوٹا تصور تھا کہ وہ اسلام آباد جا کر اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایمرجنسی کے باوجود صوبے کی تعمیر وترقی کے تمام تر کام معمول کے مطابق اور ساتھ ساتھ جاری رہیں گے۔

بقیہ 26

نے بتایا کہ سی پیک کے پہلے مرحلے میں سڑکوں، بندرگاہوں اور بجلی گھروں سمیت بنیادی ڈھانچے کی تعمیر پر توجہ دی گئی، دوسرے مرحلے میں موجودہ بنیادی ڈھانچے سے معاشی فوائد حاصل کرنے، کاروباری مواقع بڑھانے اور مشترکہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے پر کام کیا جارہا ہے، چین کے ساتھ بعض مشترکہ منصوبوں میں برآمدات کیلئے مصنوعات بھی تیار کی جارہی ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان امریکا کیساتھ بھی اقتصادی تعلقات کو وسعت دینا چاہتا ہے، پاکستانی قیادت کے امریکی انتظامیہ کیساتھ اچھے تعلقات کو اقتصادی تعاون آگے بڑھانے کیلئے بروئے کار لایا جائے گا، امریکا پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار جبکہ یورپی یونین کو دوسرے نمبر پر ہے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ عالمی تجارت میں بڑھتی ہوئی تقسیم کے باعث مختلف خطوں کے درمیان تعاون کی اہمیت بڑھ رہی ہے، پاکستان خلیجی ممالک، وسطی ایشیائی ریاستوں اور آسیان ممالک کے ساتھ تعاون کے نئے مواقع تلاش کر رہا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا گزشتہ مالی سال پاکستان کو 41 ارب 60 کروڑ ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں، رواں مالی سال یہ رقم 44 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے، خلیجی ممالک کے ساتھ پاکستان کے تعلقات تجارت اور ترسیلات زر دونوں حوالوں سے اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملائیشیا اور انڈونیشیا کی قیادت کے پاکستان کے دوروں سے علاقائی روابط کو فروغ ملا، تھائی لینڈ کے وزیر خزانہ سے ملاقات بھی اقتصادی تعاون بڑھانے کا موقع فراہم کرے گی، پاکستان اپنے دیرینہ شراکت داروں کی مشکل وقت میں معاونت اور مسلسل تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

بقیہ 27

اور ڈیرے پر فائرنگ، سلیم اللہ عرف ساجد نیلا کرام کی ٹارگٹ کلنگ سمیت رواں سال کے متعدد دہشت گردی کے واقعات میں ملوث رہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل کانٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ نے کامیاب کارروائی پر پولیس جوانوں کی بہادری، پیشہ ورانہ مہارت اور فرض شناسی کو سراہا۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبے سے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 28

709 بھی منسوخ ہونیوالی پروازوں میں شامل ہیں۔

بقیہ 29

اور غیر منصفانہ تقسیم کا جائزہ لیا گیا۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی کنکشنز کی نشاندہی کرتے ہوئے پانی کے نظام کو منظم بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے گئے اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب کاکڑ نے کہا کہ پانی ایک قیمتی قومی وعوامی وسیلہ ہے، اس کے غیر قانونی استعمال اور چوری کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ کی کوشش ہے کہ دستیاب پانی کے وسائل کو منظم انداز میں استعمال کرتے ہوئے شہریوں کو پانی کی منصفانہ فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ غیر قانونی کنکشنز کے باعث پانی کی فراہمی کا نظام متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ عام شہریوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس کے تدارک کے لیے انتظامیہ مؤثر اقدامات کر رہی ہیضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوامی مفاد، شہری سہولیات کے تحفظ اور پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ 30

نہیں ہو رہا تو یہ رقم کہاں خرچ ہو رہی ہے؟ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی فوری تحقیقات کر کے غفلت کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور ضلع بھر میں مچھر مار اسپرے کا فوری انتظام کیا جائے تاکہ ملیریا سمیت مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 31

اور بلاول بھٹو کے درمیان ملاقات کچھ دیر تک جاری رہی۔

بقیہ 32

جاکر ان سے ملاقات کی، وزیراعظم شہباز شریف کچھ دیر تک کھڑے ہوکر محمود خان اچکزئی سے راز و نیاز کی باتیں کرتے رہے۔ وزیراعظم کے ایوان سے جانے کے بعد وزیر دفاع خواجہ آصف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی، محمود خان اچکزئی اور خواجہ آصف ایک دوسرے کے کانوں میں باتیں کرتے رہے۔ اس کے علاوہ قومی اسمبلی ایوان میں اے این پی کے سربراہ ایمل ولی خان نے چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی، ایمل ولی خان نے اپنے موبائل پر بلاول بھٹو زرداری کا نمبر ایڈ کروایا۔ بلاول بھٹو زرداری اور ایمل ولی خان کچھ دیر آپس میں باتیں کرتے رہے۔

بقیہ 33

گوہر نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی ہر ممکنہ آئینی اور سیاسی فورم پر شدید مخالفت کی ہے، گورنر راج کو ناجائز اور ماورائے قانون اقدام قرار دیتے ہیں، صوبے میں ایسے حالات بالکل نہیں تھے جو ایمرجنسی یا گورنر راج کے نفاذ کا جواز بن سکتے، صوبے میں پوری بیوروکریسی کو تبدیل کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ 11 اکتوبر کے بعد سے پارٹی کا سابق وزیراعلی خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں ہو سکا، اس کے علاوہ ان کے اراکینِ صوبائی اسمبلی اور اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی سے بھی کوئی رابطہ قائم نہیں ہو پا رہا ہے، اب ایک بڑی اور مقبول سیاسی جماعت کو مکمل طور پر ختم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جو جمہوریت کی روح کے خلاف ہے اور اس سلسلے کو فورا بند ہونا چاہیئے۔

بقیہ 34

ہیں۔ عالمی بینک کی تازہ رپورٹ کے مطابق دونوں پروگراموں کا مقصد پاکستان میں معاشی استحکام کو فروغ دینا، عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانا اور ٹیکس وصولیوں کا تناسب مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 15 فیصد تک پہنچانا ہے۔

بقیہ 35

مطالبات پیش کیے۔ کھلی کچہری کے دوران اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور فوری احکامات جاری کیے گئے ترقیاتی اسکیمات اور بی ایس ڈی آئی (BSDI) پروگرام اجلاس میں بی ایس ڈی آئی پروگرام اور ضلع میں جاری ترقیاتی اسکیمات کے حوالے سے عوامی تجاویز اور آراء کا خیر مقدم کیا گیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ فلاحی اسکیمات کی شفافیت اور ان کے دائرہ کار کو مزید بہتر اور وسیع بنایا جائے۔ زراعت اور ایم ایم ڈی (M M D) ریکارڈ زمینداران ایکشن کمیٹی موسیٰ خیل کے صدر حاجی عصمت اور دیگر زمینداروں نے زراعت اور ایم ایم ڈی ریکارڈ سے متعلق اپنے نقطہ نظر اور تجاویز پیش کیں، جن پر کمشنر لورالائی نے متعلقہ محکمے کو فوری طور پر تمام امور اور ریکارڈ منظم کرنے کے احکامات دیئے۔ بنیادی ڈھانچہ اور پی ایچ ای محکمہ بی اینڈ آر اور پی ایچ ای کے کاموں اور سڑکوں کی زبوں حالی سے متعلق موصول ہونے والی شکایات وتجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر کمشنر لورالائی نے کنگری بازار کے بند واٹر فلٹر پلانٹ کو فوری طور پر فعال اور بحال کرنے کے لیے ایکسین پی ایچ ای (XEN PHE) کو سخت ہدایات جاری کیں۔ مال مویشیوں کا علاج ومعالجہ: تحصیل کنگری اور گردونواح میں مال مویشیوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر اور ادویات کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے کمشنر لورالائی نے تحصیل کنگری سمیت تمام تحصیلوں میں فوری طور پر مفت ویٹرنری کیمپ لگانے کے احکامات جاری کیے تاکہ مالداروں کو ریلیف مل سکے۔ طبی امداد کے مستحق افراد: کھلی کچہری میں موذی امراض میں مبتلا نادار افراد کی درخواستوں کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے علاج ومعالجے کے لیے سرکاری سطح پر ممکنہ امداد کی یقینی دہانی کرائی گئی۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے ضلعی انتظامیہ اور تمام افسران کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں متحرک رہیں، عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنائیں اور حکومتِ بلوچستان کے ترقیاتی ویژن کو عوام تک پہنچانے کے لیے تمام وسائل بکار لائیں۔

بقیہ 36

ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخوں پر آٹے اور روٹی کی فروخت کو یقینی بنائے۔

بقیہ 37

انہوں نے کہا کہ نصاب کی بروقت تکمیل، طلبہ کی باقاعدہ حاضری اور تدریسی معیار میں بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز نے کہا کہ بچوں کا مستقبل ملک وقوم کی ترقی اور خوشحالی سے براہِ راست وابستہ ہے، اس لیے معیاری تعلیم کے معاملے میں کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اساتذہ قومی مستقبل کے معمار ہیں اور ان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ طلبہ کو نہ صرف معیاری تعلیم فراہم کریں بلکہ ان کی کردار سازی اور تربیت پر بھی خصوصی توجہ دیں انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیادی بنیاد ہے۔ اگر بچوں کو معیاری اور جدید تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں تو ایک روشن، خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی منزل حاصل کی جا سکتی ہے۔ آج کے طلبہ ہی کل ملک وقوم کی باگ ڈور سنبھالیں گے، لہٰذا ان کی تعلیم وتربیت میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جا سکتی عبدالواسع خان کاکڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ موسیٰ خیل سمیت لورالائی ڈویژن کے تمام تعلیمی اداروں میں تدریسی نظام کی بہتری، اساتذہ کی کارکردگی میں اضافہ اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے نگرانی اور عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 38

مروت درخواستیں دوبارہ بحال کروا سکتے ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیئے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد درخواست غیر موثر ہو چکی، کیا حالیہ پیش رفت کے بعد وزیراعلی کیخلاف درخواست سنی جا سکتی ہے؟ حالیہ پیشرفت کے بعد درخواست پر کارروائی نہیں چل سکتی۔ درخواست گزار شیر افضل مروت نے عدالت کو بتایا کہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو چیلنج کرنا چاہتا ہوں، سہیل آفریدی کیخلاف درخواست پر مجھے مختصر التوا دے دیں۔ جسٹس باقر نجفی نے کہا کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ الگ ایشو ہیں، وزیراعلی سہیل آفریدی کے خلاف کیس اب زندہ ایشو نہیں رہا۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی ختم ہوئی تو سہیل آفریدی بحال ہوجائیں گے، جس پر چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ اس وقت تو سہیل آفریدی کے پاس وزیراعلی کا منصب نہیں ہے، وزیراعلی بحال ہوئے تو آپ بھی درخواست بحالی کی متفرق درخواست دے سکتے ہیں، ہم یہ درخواست نمٹا رہے ہیں۔ واضح رہے کہ اس کیس میں دائر کی گئی درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی تھی کہ علی امین گنڈاپور سے زبردستی لئے گئے استعفے اور سہیل آفریدی کی غیر آئینی تقرری کو کالعدم قرار دیتے ہوئے علی امین گنڈاپور کو دوبارہ وزیراعلی کے عہدے پر بحال کیا جائے۔

بقیہ 39

کیا کہ اس سلسلے میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور پولیس کے درمیان باہمی رابطے اور مشترکہ کارروائیوں کا سلسلہ برقرار رہے گا تاکہ شہر میں گداگری کی سرگرمیوں کی روک تھام اور شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 40

بھجوادیتے، چیئرمین پی ٹی آئی نے عدالت میں بانی پی ٹی آئی کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی اس اکاؤنٹ کو کلیم نہیں کرتی۔ بیرسٹر گوہر نے استدعا کی کہ حالات تبدیل ہوگئے ہیں، کچھ وقت دیا جائے، جواب جمع کرا دیں گے، جس پر فاضل جج نے کہا کہ آپ کو وقت دیتے ہیں جو کہنا ہے تحریری طور پر جمع کرائیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عدالت کچھ زیا تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے

بقیہ 41

ہو، پیپلز پارٹی کی یہی سوچ ہے کہ ہم نے جو تاریخ سے زخم اٹھائے ہیں وہ موجودہ اپوزیشن کو نہ اٹھانے پڑیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت تعلیم اور غربت کے خلاف ایمرجنسی کی ضرورت ہے، خطے کے حالات سب کے سامنے ہیں، مشرق وسطی میں کیا ہو رہا ہے اس کے براہ راست اثرات ہماری معیشت پر پڑ رہے ہیں جس سے عام آدمی برے حالات میں ہے، اگر کوئی سمجھتا ہے کہ پیپلز پارٹی ایسی کسی ایمرجنسی کی معاونت کرے گی جو ملک میں آئین سے ماورا ہو تو یہ سوچ غلط ہے، یہ آئین میری پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو کی میراث ہے اور ہم نے ہی بنایا ہے، ہم نے اس آئین کے ذریعے اس ملک کو مشکل حالات میں ہمیشہ جوڑ کر رکھا۔ ان کا کہنا تھا کہ سقوط ڈھاکہ کی صورتحال سب کے سامنے ہے

بقیہ 42

مہارت صوبے کی تہذیبی شناخت کا اہم حصہ ہے، جسے قومی اور عالمی سطح پر مؤثر انداز میں پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین ہنرمندوں کو ملکی و بین الاقوامی ثقافتی نمائشوں میں شرکت کے منظم مواقع فراہم کرنے سے نہ صرف ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو پذیرائی ملے گی بلکہ ان کے لیے معاشی خودمختاری اور روزگار کے نئے امکانات بھی پیدا ہوں گے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے قومی عجائب گھروں میں بلوچستان کے ثقافتی ورثے کے مستقل نمائشی گوشوں کے قیام کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تاریخی شناخت، روایتی فنون اور ثقافتی تنوع کو قومی سطح پر مستقل نمائندگی ملنی چاہیے تاکہ نئی نسل اور ملکی وغیر ملکی سیاح صوبے کے تہذیبی سرمائے سے بہتر طور پر آگاہ ہوسکیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ خواتین کی معاشی ترقی اور ثقافتی ورثے کا تحفظ ایک دوسرے سے مربوط ہیں۔ بلوچستان کی ہنرمند خواتین کو قومی ثقافتی سرگرمیوں کا مستقل حصہ بنانے کے لیے وفاقی اور صوبائی سطح پر ادارہ جاتی تعاون اور مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے۔ ملاقات میں بلوچستان کی خواتین ہنرمندوں کے لیے نمائشی مواقع میں اضافے اور صوبے کے ثقافتی ورثے کو قومی عجائب گھروں میں مستقل جگہ دینے سے متعلق تجاویز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 43

رفتار برقرار رکھنے کیلئے قرض پروگرام کی شرائط پر موثر عملدرآمد یقینی بنائے، انہوں نے بجٹ میں مقرر کردہ محصولات کے اہداف حاصل کرنے اور معاشی اصلاحات کا تسلسل برقرار رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان کو زرمبادلہ کے مناسب ذخائر برقرار رکھنے اور محصولات میں اضافے کیلئے مزید اقدامات کرنے کا پیغام دیا گیا۔ ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر نے واضح کیا کہ رواں مالی سال کے دوران فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو 15 ہزار 264 ارب روپے کے محصولات کا ہدف حاصل کرنا ہوگا اور اس ضمن میں ریونیو شارٹ فال کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف حکام کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت طے شدہ اقتصادی اہداف کے حصول، محصولات میں اضافے اور قرض پروگرام کی شرائط پر عملدرآمد کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ 44

والے بچوں اور دیگر افراد کے اہلِ خانہ سے ہمدردی کا اظہار کیا اور حادثے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے دعا کی۔ سی سی پی او میاں سعید کا کہنا ہے کہ نجی اسکول کے مالک کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 45

مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء کرے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔ صوبائی وزیر نے اس حوالے سے گورنر خیبر پختونخوا سے واقعے کی فوری اور شفاف انکوائری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔

بقیہ 46

بلوچستان کا بیشتر حصہ خشک اور کم بارشوں والے خطے پر مشتمل ہے، تاہم صوبے کے متعدد علاقے اپنی زرعی پیداوار کے باعث فوڈ باسکٹ کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔ زراعت کے شعبے میں مزید پیش رفت کے لیے پانی کے وسائل کا مؤثر استعمال، آبی ذخائر کی تعمیر اور جدید زرعی طریقوں کو اپنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں زرعی ترقی کے متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کا مقصد پیداوار میں اضافہ اور زمینداروں کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک اور ماہی گیری کے شعبوں میں بھی وسیع امکانات موجود ہیں۔ صوبے میں بھیڑ بکریوں سمیت مویشیوں کی بڑی تعداد پائی جاتی ہے، جبکہ طویل ساحلی پٹی اور وسیع سمندری حدود ماہی گیری کے شعبے کی ترقی کے لیے اہم مواقع فراہم کرتی ہیں۔ تاہم غیر قانونی ماہی گیری کی روک تھام اور سمندری وسائل کے پائیدار استعمال پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہیانہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی کے لیے بین الاقوامی اداروں اور غیر سرکاری تنظیموں کے تعاون سے استفادہ کیا جانا چاہیے۔ زمینداروں اور کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی اور طریقوں سے آگاہ کرنا ضروری ہے تاکہ پانی کے ضیاع کو کم، زیرِ زمین پانی کے تیزی سے گرتے ہوئے ذخائر کو محفوظ اور زرعی پیداوار کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ صوبے میں زرعی اور آبی وسائل کے تحفظ کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کیا جائے۔ اس موقع پر ایف اواے کے نمائندے ولید مہدی نے کہا کہ بلوچستان میں یہ پہلی فوڈ ایگزیبیشن 2026 کا اہتمام اقوامِ متحدہ کے ادارہ برائے خوراک وزراعت FAO نے بلوچستان ریور بیسنز واٹر ریسورسز پروگرام RBWRP کے تحت کیا ہے۔ اور یہ تقریب 15 اور 16 اکتوبر تک جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس نمائش کا مقصد زرعی شعبے سے وابستہ چھوٹے کاروباری اداروں، کسانوں اور کاروباری افراد کو اپنی مصنوعات متعارف کرانے، منڈیوں تک رسائی بہتر بنانے اور کاروباری روابط کے فروغ کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ تقریب میں متعلقہ محکموں اور شعبہ زراعت سے وابستہ نمائندوں نے شرکت کی۔ شرکا نے اس امر پر اتفاق کیا کہ اس نوعیت کی نمائشیں بلوچستان کی زرعی معیشت کو مستحکم کرنے، چھوٹے کاروباری اداروں کی حوصلہ افزائی اور مقامی زرعی مصنوعات کی مارکیٹ تک رسائی بہتر بنانے میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ تقریب محترمہ اسدی بتول چیف آرگنائزر قادق اغا و دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 47

تعمیرات بابر خان اور چیف انجینئر آفیسران کے علاوہ دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں اور اے ون روڈز بجٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا کہ بھرتیوں کے پورے عمل کو مؤثر منظم اور غیر جانب دار بنایا گیا ہے تاکہ کسی امیدوار کو شکایت کا موقع نہ ملے انہوں نے کہا کہ محکمہ میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے سلسلے میں سپریم کورٹ کے فیصلے اور متعلقہ احکامات کے تعمیرات بابر خان نے کہا کہ بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور تمام امیدواروں کے ساتھ یکساں اور منصفانہ طرزِ عمل اختیار کیا جائے گا

CANCELLATION OF NIT

It is notify that the TSE-2627091190843 ,TSE-2627091190813 and the TSE No. 2627091190863 the tenders of undersigned office called on 12-10-2026 published under PRQ No. 1411/17-09-2026 ,is hereby canceled due to some unavoidable Circumstances,

Executive Engineer (Building)
CWP.P&H Department District
Panjgur.

PRQ No.1916/15-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

PRQ No. 1725 | TSE No. 2627101202183

With reference to the tender notice published in *Daily* newspapers dated 06-10-2026, the following amendments are hereby made:

1. The tender document fee has been reduced from Rs. 10,000/- to Rs. 5,000/-, payable through the Treasury Office, Ziarat, with deposit in NBP Ziarat or any other bank as permissible under the applicable procedure.
2. The relevant Bill of Quantities (BOQ) has been attached with the bidding documents.
3. The eligibility criterion for similar nature of works has been revised from three (03) to two (02) completed projects. At least one completed project must have a value equal to or greater than 100% of the estimated cost of the relevant work.
4. The requirement for submission of an FBR No-Demand Certificate has been deleted from the eligibility criteria.

The last date and time for submission of bids shall be 22nd October 2026 at 10:00 AM, and the bids shall be opened on the same date at 11:00 AM.

All other terms and conditions of the original tender notice shall remain unchanged.

EXECUTIVE ENGINEER-ROAD
Communication Works PP&H
District Ziarat.

PRQ No.1915/15-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بروز جمعہ 16 اکتوبر 2026ء

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی میر یاسر گورگیج کی خوشدامن کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں، صوبائی وزراء ودیگر بھی ہمراہ ہیں

مشترکہ اجلاس، وزیراعظم کی پارلیمنٹ میں محمود اچکزئی سے ملاقات، سرگوشیاں کرتے رہے

محمود خان اچکزئی اور خواجہ آصف بھی ایک دوسرے کے کانوں میں باتیں کرتے رہے

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے دوران وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر کی نشست پر جاکر ان سے ملاقات کی، وزیراعظم شہباز شریف کچھ دیر تک کھڑے ہوکر محمود خان اچکزئی سے راز و نیاز کی باتیں کرتے رہے۔ وزیراعظم کے ایوان سے جانے کے بعد وزیر دفاع خواجہ آصف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی، محمود خان اچکزئی اور خواجہ آصف ایک دوسرے کے کانوں میں باتیں کرتے رہے۔ اس کے علاوہ قومی اسمبلی ایوان میں اے این پی کے سربراہ ایمل ولی خان نے چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی، ایمل ولی خان نے اپنے موبائل پر بلاول بھٹو زرداری کا نمبر ایڈ کروایا۔ بلاول بھٹو زرداری اور ایمل ولی خان کچھ دیر آپس میں باتیں کرتے رہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے دوران وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر کی نشست پر

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

کھوکھلے مذاکرات اور دعوؤں سے کچھ نہیں ہوتا، بیرسٹر گوہر کا بلاول کی پیشکش پر جواب

کن لوگوں نے آپ کو مذاکرات کی میز سے اٹھایا اور کیوں؟ چیئرمین پی ٹی آئی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی مذاکرات کی دعوت پر ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کھوکھلے مذاکرات اور دعوؤں سے کچھ حاصل نہیں ہوتا کیونکہ مذاکرات کے چکر میں ہی ہماری خیبر پختونخواہ کی حکومت ختم کردی گئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف نے باضابطہ مذاکراتی کمیٹی کے ساتھ بیٹھک کی تھی، لیکن پھر کس نے دوسری جانب کو مذاکرات سے پیچھے ہٹنے کی ہدایت کی؟ کیا کسی بھی ڈیڈلاک کی صورت میں بات چیت کا عمل مکمل طور پر ختم کردیا جاتا ہے یا فریقین مذاکرات کی میز سے اٹھ جاتے ہیں؟ وہ کون سے عناصر تھے جنہوں نے حکومتی فریق کو مذاکرات کی میز سے اٹھایا اور اس کے پیچھے کیا مقاصد تھے؟ خیبر پختونخواہ کی موجودہ سیاسی صورتحال اور اقدامات پر تبصرہ کرتے ہوئے بیرسٹر

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئی بھی زیرک سیاستدان ایمرجنسی کے نفاذ کی حمایت نہیں کرسکتا، سینیٹر شیری رحمان

خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، رہنماء پیپلز پارٹی

اسلام آباد (یو این اے) پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ کوئی بھی زیرک سیاستدان ایمرجنسی کے نفاذ کی حمایت نہیں کرسکتا، خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، ریاست ماں کی طرح ہوتی ہے اس کا تحفظ یقینی بنانا ہوگا اور ہمیں اپنی سرزمین واپس لینا ہوگی، ملک وحدت سے چلتے ہیں کسی صوبے کو اپنی الگ خارجہ پالیسی بنانے کا اختیار نہیں، پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے۔ جمعرات کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی تو مذاکرات میں بڑی سنجیدگی سے حکومت کے ساتھ بات کرکے کھلے دل اور صدقِ دل سے آئی تھی، کوئی بھی زیرک سیاستدان خوش دلی سے ایسے فیصلے کے نفاذ کی حمایت نہیں کرتا، مارشل لا کے حالات اور ہوتے ہیں، ہم نہیں چاہتے کہ ملک اس صورتحال سے دوچار

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

محسن نقوی اور بلاول بھٹو کی ملاقات، گورنر راج کے بعد کی سیاسی حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو اور وزیرِ داخلہ محسن نقوی کے درمیان ون ٹو ون ملاقات ہوئی۔ دونوں رہنماؤں کی ملاقات بلاول بھٹو کے چیمبر میں ہوئی۔ ملاقات میں خیبر پختون خوا میں امن وامان کی صورتِ حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ ملاقات میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد کی سیاسی حکمتِ عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرِ داخلہ نے خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتِ حال سے بلاول بھٹو زرداری کو آگاہ کیا۔ ذرائع کے مطابق محسن نقوی

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان کے دو قرضہ پروگرام نمایاں خطرات سے دوچار ہیں، عالمی بینک

واشنگٹن (اے این این) عالمی بینک نے پاکستان میں ٹیکس اصلاحات اور ڈیجیٹل سروسز سے متعلق تقریبا 67 کروڑ ڈالر مالیت کے دو قرضہ پروگراموں کو درمیانے درجے تک تسلی بخش قرار دیا ہے، تاہم ان کی کامیابی کو لاحق خطرات کی بھی نشاندہی کی ہے۔ عالمی بینک کے مطابق سیاسی وانتظامی مسائل، معاشی غیر یقینی صورتِ حال اور ادارہ جاتی کمزوریاں ان پروگراموں پر موثر عملدرآمد کی راہ میں اہم رکاوٹیں

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

روسی وزیر داخلہ پاکستان کا 4 روزہ دورہ مکمل کرکے روانہ

اسلام آباد (اے این این) روسی وزیر داخلہ ولادیمیر کولولتسیف پاکستان کا 4 روزہ دورہ مکمل کرکے روانہ ہوگئے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے روسی ہم منصب کو الوداع کیا، روسی وزیر داخلہ نے شاندار مہمان نوازی پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ ولادیمیر کولولتسیف نے کہا کہ پاکستان سے خلوص اور محبت لے کر واپس جارہا ہوں۔ وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے اس موقع پر کہا کہ روسی وزیرِ داخلہ کا دورہ پاک روس

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع بارکھان میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے پر شہریوں کی شدید تشویش، ملیریا کے کیسز میں اضافہ

اسپرے کے سرکاری فنڈز کی تفصیلات عام کی جائیں اور غفلت کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

بارکھان (یو این اے) ضلع بارکھان میں کافی عرصے سے مچھر مار اسپرے نہ ہونے کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جارہی ہے، جبکہ شہریوں کے مطابق ملیریا کے کیسز میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔ شہریوں نے محکمہ صحت کی کارکردگی پر سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ مچھر مار اسپرے کے لیے مختص سرکاری فنڈز کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں۔ شہریوں کا سوال ہے کہ اسپرے کے لیے کتنی رقم مختص کی جاتی ہے اور اگر عملی طور پر اسپرے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

لورالائی میں پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی

لورالائی میں پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف انتظامیہ کی کارروائی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں پانی کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کے پیشِ نظر پانی کے غیر قانونی استعمال

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

تحصیل کنگری میں کھلی کچہری، عوام نے ترقیاتی مسائل اور مطالبات پیش کیے

موسیٰ خیل میں مفت ویٹرنری کیمپ لگانے اور عوامی مسائل حل کرنے کے احکامات

موسیٰ خیل (خ ن) عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری امور میں مزید بہتری لانے کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی سربراہی میں ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری میں ایک عظیم الشان کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجک، اسسٹنٹ کمشنر نجیب اللہ خان کاکڑ سمیت تمام محکموں کے ضلعی افسران، علاقے کے معززین، زمینداروں اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور روڈز، پینے کے پانی اور دیگر ترقیاتی امور سے متعلق اپنے تجاویز اور

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز کا موسیٰ خیل کے سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ

معیاری تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عبدالواسع خان کاکڑ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز ایجوکیشن لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ نے ملک نجیب خان کاکڑ کے ہمراہ موسیٰ خیل کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری، تعلیمی ماحول، طلبہ کی کارکردگی اور مجموعی تعلیمی معیار کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹر نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ڈکی موسیٰ خیل، گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول موسیٰ خیل اور گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول موسیٰ خیل کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کرکے طلبہ سے تعلیمی سوالات کیے اور ان کی تعلیمی استعداد کا جائزہ لیا اس موقع پر عبدالواسع خان کاکڑ نے اساتذہ کرام پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں محنت، دیانت داری اور خلوصِ نیت کے ساتھ ادا کریں اور طلبہ کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دیں۔

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیر خزانہ کی سربراہ آئی ایم ایف سے ملاقات

معاشی اصلاحات کا تسلسل برقرار رکھنے پر زور، کرسٹالینا جارجیوا نے سٹاف لیول معاہدے کو خوش آئند قرار دیا

بنکاک، اسلام آباد (اے این این) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے پاکستان کی معاشی صورتحال میں استحکام اور اقتصادی جائزہ مکمل ہونے کے بعد سٹاف لیول معاہدے کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور آئی ایم ایف کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا کے درمیان اہم ملاقات ہوئی، ملاقات بنکاک میں آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان کی معاشی صورتحال، اصلاحاتی اقدامات اور اقتصادی اہداف پر عملدرآمد کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے آئی ایم ایف حکام کو ملکی معیشت کی تازہ صورتحال اور مقررہ اہداف کے حصول کیلئے کئے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی۔ ملاقات کے دوران آئی ایم ایف کی سربراہ نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان معاشی استحکام کے ساتھ پائیدار ترقی کی

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی خواتین کی دستکاریوں کو قومی و عالمی سطح پر فروغ دیا جائیگا، ربابہ بلیدی

بلوچستان کی تاریخی شناخت، روایتی فنون اور ثقافتی تنوع کو قومی سطح پر مستقل نمائندگی ملنی چاہیے، مشیر برائے ترقی نسواں

خواتین کی معاشی ترقی اور ثقافتی ورثے کا تحفظ ایک دوسرے سے مربوط ہیں، اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب کھچی سے ملاقات

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب کھچی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی خواتین ہنرمندوں کی قومی و بین الاقوامی نمائشوں میں شرکت کے مواقع بڑھانے، صوبے کی روایتی دستکاریوں کو فروغ دینے اور ملک بھر کے قومی عجائب گھروں میں بلوچستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے لیے مستقل نمائشی گوشے مختص کرنے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین صدیوں پر محیط ثقافتی روایات اور منفرد ہنرمندی کی امین ہیں۔ بلوچی کشیدہ کاری، روایتی ملبوسات، قالین بافی اور دیگر دستکاریوں میں ان کی

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران کا مطالبات کی منظوری تک امریکا کیخلاف جنگ جاری رکھنے کا اعلان

تہران اپنے مطالبات منوائے بغیر پیچھے نہیں ہٹے گا، محمد باقر قالیباف

تہران (اے این این) ایران نے امریکا کے خلاف اپنی مزاحمت جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ تہران اپنے مطالبات منوائے بغیر پیچھے نہیں ہٹے گا تاہم وہ نہ غیر معینہ مدت تک جنگ کا خواہاں ہے اور نہ ہی طویل مذاکرات میں الجھنا چاہتا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے اپنے ٹیلی ویژن خطاب میں کہا کہ ایران کا مقصد ایسا پائیدار دفاعی توازن قائم کرنا ہے جو مستقبل میں کسی بھی جارحیت کی روک تھام کرسکے، تہران مذاکرات کے ذریعے اس ہدف کا حصول چاہتا ہے لیکن اپنے مطالبات کی منظوری کے بغیر لڑائی ختم کرنے پر آمادہ نہیں۔ قالیباف نے امریکا کے دباؤ اور مقررہ ڈیڈلائنز کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ امریکی حکومت کی جانب سے دی گئی مہلتیں گزر چکی ہیں

کراچی، پیپلز پارٹی رہنما اعجاز جکھرانی کے بھائی کے بنگلے پر چھاپہ، منشیات برآمد

فریال تالپور کا بابل خان جکھرانی کے گھر پولیس چھاپے کا نوٹس، آئی جی سندھ سے رپورٹ طلب

کراچی (اے این این) کراچی میں پیپلز پارٹی کے رہنما اعجاز جکھرانی کے بھائی آزاد جکھرانی کے بنگلے پر چھاپے کے دوران ایک کلو سے زائد آئس اور کوکین برآمد کرلی گئی۔ پولیس کے مطابق چھاپہ ایک گرفتار ملزم کی نشان دہی پر مارا گیا جس کے قبضے سے کوکین اور آئس برآمد ہوئی تھی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم نے بتایا کہ یہ منشیات آزاد جکھرانی کی ہے اور ان کے بنگلے پر مزید منشیات موجود ہیں۔ پولیس کے مطابق چھاپے کے وقت آزاد جکھرانی گھر پر نہیں تھے انہیں گرفتار نہیں کیا جاسکا تاہم ان کے خلاف نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا۔ دوران چادر چاردیواری کا تقدس پامال کیا گیا

اسلام آباد، نائب وزیراعظم وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے روسی فیڈریشن میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی ملاقات کررہے ہیں

ضلع صحبت پور میں پالتو جانوروں میں 'گوگی' اور دیگر وبائی بیماریاں پھوٹ پڑیں

ضلع کی تمام تحصیلوں میں ہنگامی حفاظتی کیمپس قائم کرکے مال مویشیوں کا علاج ممکن بنایا جائے: مالدار

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور اور اس کی تمام تحصیلوں میں پالتو جانوروں جن میں بھینسیں، گائے، بیل، بکریاں اور بھیڑیں شامل ہیں، میں 'گوگی' نامی خطرناک وبائی بیماری کے ساتھ ساتھ پیٹ خراب اور لاغرپن کی بیماریاں تیزی سے پھیل گئی ہیں، جس سے مالدار اور زمیندار طبقہ شدید تشویش اور پریشانی میں مبتلا ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور، تحصیل پہنور سنہڑی، تحصیل مانجھی پور، تحصیل سعید خان کنرانی، تمام چھوٹے بڑے علاقوں میں مویشی وبائی امراض کی زد میں ہیں۔

پشاور میں المناک واقعہ کی اعلیٰ سطح پر انکوائری کیا جائے، بخت محمد کاکڑ

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والوں کی مغفرت فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے پشاور میں پیش آنے والے المناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس افسوسناک واقعے پر ہر دردِ دل رکھنے والا انسان غمزدہ ہے۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں ہم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اپنے جاری کردہ بیان میں صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ ایسے المناک واقعات پورے معاشرے کو سوگوار کردیتے ہیں۔

لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیاں میرٹ اور شفافیت پر ہوں گی، سلیم کھوسہ

بھرتیوں میں سفارش اور دباؤ برداشت نہیں کیا جائے گا، اے ون روڈز بجٹ عوامی مفاد اور ترقیاتی کاموں پر خرچ کیا جائے گا، صوبائی وزیر

صوبے کی انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کلیدی کردار ہے، جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے گا اس ضمن میں کسی قسم کی سفارش، دباؤ یا غیر ضروری مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں اور اے ون روڈ کے بجٹ کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایمان زینب مزاری اور ان کے شوہر عبدالہادی چٹھہ کے جیل ٹرائل کی منظوری

اسلام آباد (اے این این) ایمان زینب مزاری اور ان کے شوہر عبدالہادی چٹھہ کے جیل ٹرائل کی منظوری دے دی گئی۔ چیف کمشنر اسلام آباد نے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ ام آباد کی درخواست پر دی گئی۔ دونوں کیخلاف تھانہ کوہسار اور تھانہ آبپارہ میں درج مقدمات کی سماعت جیل میں ہوگی۔ مقدمات میں انسداد دہشت گردی ایکٹ سمیت دیگر دفعات شامل ہیں،

92 نیوز کوئٹہ اور روزنامہ زمانہ سے 9 ملازمین کی برطرفی پر جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی شدید مذمت

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے 92 نیوز کوئٹہ بیورو اور روزنامہ زمانہ سے 9 ملازمین کو ملازمتوں سے فارغ کرنے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس اقدام کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو اچانک روزگار سے محروم کرنا ان کے معاشی استحکام اور اہلِ خانہ کے مستقبل کو متاثر کرنے کے مترادف ہے۔

پی ٹی آئی دور میں خیبر پی کے دہشتگردی کی لپیٹ میں رہا، غیر ملکی صحافی

اسلام آباد (اے این این) غیر ملکی صحافی کیپٹن جورڈن باس نے پی ٹی آئی دور میں خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات اور صوبائی حکومت کی خاموشی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ غیر ملکی صحافی کیپٹن جورڈن باس کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی نے دہشت گردی کے باوجود افغان طالبان اور فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی، پی ٹی آئی کے دور میں خیبر پختونخوا میں دہشت گرد حملے ہوتے رہے، لیکن انہیں مکمل نظرانداز کیا جاتا رہا۔ کیپٹن جورڈن باس نے کہا کہ فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) افغانستان کی سرزمین سے خیبر پختونخوا سمیت پاکستان بھر میں حملے کررہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی ورلڈ فوڈ ایگزیبیشن کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

خالق آباد منگوچر کے علاقے چوٹانگ سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد، ہسپتال منتقل

پولیس نے لاش کی شناخت کے لیے شہریوں سے اپیل کردی، ورثا کی تلاش جاری

خالق آباد، منگوچر (یو این اے) خالق آباد منگوچر کے علاقے چوٹانگ سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جسے پولیس نے اپنی تحویل میں لے کر ضروری قانونی کارروائی کے لیے آر ایچ سی ہسپتال مندے حاجی منتقل کردیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق متوفی کی شناخت فوری طور پر نہیں ہوسکی ہے، جس کے پیشِ نظر خالق آباد پولیس نے عوام اور شہریوں سے اپیل کی ہے کہ اگر کوئی بھی شخص متوفی کو جانتا ہو یا اس کے بارے میں کسی قسم کی معلومات رکھتا ہو تو وہ فوری طور پر خالق آباد پولیس سے رابطہ کرے تاکہ متوفی کی شناخت کو یقینی بنایا جاسکے اور اس کے ورثا کا پتہ لگایا جاسکے۔

ضلع کوہستان مری میں زیرِ تعمیر پراسیکیوٹر کمپلیکس میں بے ضابطگیاں

ایکسین سی اینڈ ڈبلیو محبت مری نے ناقص کام گرا کر دوبارہ تعمیر کا حکم دے دیا

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ تعمیرات ومواصلات (سی اینڈ ڈبلیو) کے ایگزیکٹو انجینئر محبت مری نے نئے تعمیر ہونے والے پراسیکیوٹر کمپلیکس کا اچانک دورہ کیا اور تعمیراتی کام کا معائنہ کرتے ہوئے مبینہ بے ضابطگیوں اور کام کے معیار پر برہمی کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایکسین محبت مری نے پراسیکیوٹر کمپلیکس کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا اور تعمیراتی کام کے معیار کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سرکاری ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ایگزیکٹو انجینئر محبت مری نے تعمیر ہونے والے کام کا کچھ حصہ گرا کر دوبارہ تعمیر کرنے کا حکم دیا اور تعمیراتی کام مقررہ معیار اور سرکاری قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے۔

وفاقی محتسب کے حکم پر خاتون کو بےنظیر فنڈز فراہمی کردی گئی

غفلت کے خلاف بلاامتیاز فوری اور مفت انصاف کی فراہمی کا سلسلہ جاری رہے گا، انتظامیہ

حب/وندر (پ ر) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کے عوامی مسائل اور بالخصوص غریب و مستحق خواتین کے حقوق کے تحفظ کے عزم کے تحت وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے ایک اور بہترین کامیابی حاصل کی ہے۔ وفاقی محتسب کی بروقت اور سخت مداخلت سے وندر، ضلع حب کی رہائشی خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے مالی امداد کی عدم فراہمی کا دیرینہ مسئلہ کامیابی سے حل کردیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، وندر (ڈام سونمیانی، تحصیل وندر، ضلع حب) کی رہائشی درخواست گزار محترمہ سعیدہ نے وفاقی محتسب کے دفتر میں شکایت درج کرائی تھی کہ اور تمام قانونی طریقہ کار پورا کرنے کے باوجود انہیں باقاعدہ وظیفے کی رقم جاری نہیں کی جارہی اور ان کا کیس بلاجواز التوا کا شکار ہے۔

عالمی یوم خوراک پر بلوچستان ایگریکلچر کالج میں پہلی دو روزہ 'بلوچستان فوڈ ایگزیبیشن 2026' کا انعقاد

خالص و معیاری خوراک کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح، زراعت کی ترقی کے لیے جدید ٹیکنالوجی اپنانا ناگزیر ہے، میر ظہور احمد بلیدی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ انسانی زندگی کے لیے خوراک بنیادی ضرورت ہے، جبکہ خالص، محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی وقت کا اہم تقاضا ہے۔ حکومت خوراک کو محفوظ اور معیاری بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی کوشش کررہی ہے، جبکہ زرعی شعبے کی ترقی کے لیے جدید طریقہ کار اپنانے اور پانی کے ضیاع کو روکنے کی ضرورت ہے۔ کرتے ہوئے کیا۔ دو روزہ نمائش 15 اور 16 اکتوبر کو جاری رہے گی۔

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے محترمہ ریحانہ حبیب جالب ملاقات کررہی ہیں

رواں مالی سال ترسیلاتِ زر 44 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے، وزیر خزانہ

پاکستان کی واضح سمت امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقلی ہے، حکومت عالمی شراکت داری مضبوط بنانے اور دوطرفہ اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر توجہ دے رہی ہے

چین اور امریکا کے ساتھ تعلقات کو ایک دوسرے کے متبادل کے بجائے بیک وقت آگے بڑھانا ہے، چین پاکستان کا دیرینہ شراکت دار ہے اور سی پیک، بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کا اہم حصہ ہے، محمد اورنگزیب کا انٹرویو

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ رواں مالی سال ترسیلاتِ زر 44 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے، پاکستان کی واضح سمت امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقلی ہے، حکومت عالمی شراکت داری مضبوط بنانے اور دوطرفہ اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر توجہ دے رہی ہے۔ نیوز ایشیا چینل کو انٹرویو میں وزیرخزانہ نے کہا کہ پاکستان خلیجی ممالک، چین، امریکا اور دیگر دیرینہ شراکت داروں کے ساتھ اقتصادی روابط مزید مضبوط بنانا چاہتا ہے، چین اور امریکا کے ساتھ تعلقات کو ایک دوسرے کے متبادل کے بجائے بیک وقت آگے بڑھانا ہے، چین پاکستان کا دیرینہ شراکت دار ہے اور سی پیک، بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کا اہم حصہ ہے۔ وفاقی وزیرخزانہ

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

سوات، سی ٹی ڈی اور پولیس کا مشترکہ آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک، دو فرار

دہشت گردوں سے تھانہ شکردرہ کا نقشہ اور ایک ڈائری بھی برآمد

سوات (اے این این) خیبر پختونخوا کے ضلع سوات میں سی ٹی ڈی اور ضلعی پولیس نے علی الصبح انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران تین مطلوب دہشت گردوں کو ہلاک کردیا جبکہ دو دہشت گرد فرار ہوگئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائی تھانہ کانجو کی حدود میں واقع علاقے سخاڈوب میں کی گئی۔ ہلاک دہشت گردوں کی شناخت عبداللہ ولد سید بشر، منصور علی ولد عبدالمطلب اور غفران اللہ ولد افضل خان کے ناموں سے ہوئی۔ ہلاک دہشت گرد ٹی ٹی پی کمانڈر مظفر عرف خالد گروپ سے تعلق رکھتے تھے۔ ہلاک دہشت گردوں سے قومی شناختی کارڈز برآمد ہوئے، جس کے مطابق تینوں کا تعلق ضلع سوات سے تھا۔ دہشت گردوں نے پولیس نفری کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے جوابی کارروائی کی۔ فائرنگ کا سلسلہ تھمنے کے بعد مکان سے تین دہشت گردوں کی لاشیں برآمد ہوئیں۔ دہشت گردوں کے قبضے سے 03 عدد کلاشنکوف، 06 عدد میگزین اور متعدد کارتوس برآمد ہوئے۔ اس کے علاوہ، کھانا پکانے کے لیے گیس سلنڈر اور کھانے پینے کے برتن بھی برآمد ہوئے، موقع سے تھانہ شکردرہ کا نقشہ اور ایک ڈائری بھی برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق ہلاک دہشت گرد افضل خان گجر پر فائرنگ حملے، نعمت علی خان کے گھر

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

تکنیکی وجوہات پر کراچی سے روانہ ہونیوالی آٹھ پروازیں منسوخ

کراچی (اے این این) تکنیکی وجوہات کے باعث کراچی سے روانہ ہونے والی آٹھ پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ منسوخ ہونیوالی پروازوں میں کراچی سے بیجنگ جانے والی ائیر پلن کی پرواز سی 964، کراچی سے دبئی جانے والی ائیر بلیو کی پرواز پی اے 110 اور کراچی سے اسلام آباد جانے والی فلائی جناح کی پرواز نائن پی 678، 674,680 شامل ہیں۔ کراچی سے ملتان جانے والی فلائی جناح کی پرواز نائن پی 870، کراچی سے اسلام آباد جانے والی ائیر سیال کی پرواز پی ایف 125 اور کراچی سے ریاض جانے والی السعودیہ کی پرواز ایس وی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 100 روپے مہنگا

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 100 روپے کا اضافہ ہوگیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 200 روپے سے بڑھ کر 3 ہزار 300 روپے کا ہوگیا ہے۔ کوئٹہ کی ضلعی انتظامیہ نے 20 کلو آٹے کی سرکاری قیمت 2 ہزار 640 روپے مقرر کر رکھی

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی عالمی یوم سفید چھڑی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

گوادر میں پیشہ ورانہ گداگری کے خلاف مشترکہ کارروائی، دو افراد گرفتار

سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور پولیس کا گداگری کی روک تھام کے لیے اقدام

گوادر (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر میر جان کی سربراہی میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور گوادر پولیس نے شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کے خلاف مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے دو افراد کو حراست میں لے لیا یہ کارروائی ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر میر جان اور ایس ایچ او سٹی تھانہ گوادر محمد ظریف کی مشترکہ نگرانی میں عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کا مقصد شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کی روک تھام، شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ اور شہر کے ماحول کو بہتر بنانا ہے اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کا کہنا تھا کہ شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے تعاون سے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے واضح

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

آئینی عدالت میں سہیل آفریدی کی نااہلی سے متعلق درخواست غیر موثر ہونے پر نمٹا دی گئی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی کی نااہلی سے متعلق درخواست غیر موثر ہونے پر نمٹا دی۔ چیف جسٹس امین الدین نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سہیل آفریدی عہدے پر نہیں، اس وقت یہ کیس صرف اکیڈمک سوال کی حد تک رہ گیا ہے، اگر سہیل آفریدی بحال ہوئے تو شیر افضل

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور اسکول حادثہ انتہائی افسوسناک ہے، میر محمد صادق عمرانی

اسکول کی چھت گرنے سے بچوں کی ہلاکتوں پر صوبائی وزیر آبپاشی کا اظہارِ افسوس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے پشاور میں نجی سکول کے چھت گرنے کے افسوسناک واقعے پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ اس دلخراش واقع میں 28 افراد جاں بحق ہو جانا ایک سانحہ سے کم نہیں انہوں نے کہا کہ حادثے میں 27 معصوم بچے جاں بحق اور جبکہ دیگر 19 بچے زخمی ہوئے ہیں یہ سانحہ پوری قوم کے لیے انتہائی تکلیف دہ ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ وہ جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں اور اساتذہ کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ پاک

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایرانی سفیر کا پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے واقعے پر اظہارِ افسوس

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے المناک واقعے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر حکومتِ پاکستان اور عوام سے دلی تعزیت کی ہے۔ جاری تعزیتی پیغام میں ایرانی سفیر نے سانحے میں جاں بحق ہونے

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

پانی کے وسائل کا موثر استعمال اور جدید زرعی طریقے اپنانا ناگزیر ہے، ظہور بلیدی

بلوچستان کی زرعی معیشت مضبوط بنانے کے لیے مقامی مصنوعات کو منڈیوں تک رسائی دینا ضروری ہے، میر ظہور احمد بلیدی

انسانی زندگی کے لیے خوراک بنیادی اہمیت رکھتی ہے خالص اور معیاری خوراک کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیح ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ انسانی زندگی کے لیے خوراک بنیادی اہمیت رکھتی ہے، جبکہ خالص، محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت خوراک کے معیار اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور زرعی شعبے کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم خوراک کے موقع پر بلوچستان ایگریکلچر کالج، بلیلی روڈ کوئٹہ میں منعقدہ پہلی بلوچستان فوڈ ایگزیبیشن 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر نے فیتہ کاٹ کر دو روزہ نمائش کا افتتاح کیا اور مختلف زرعی مصنوعات کے اسٹالز کا دورہ بھی کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

کچی بیگ پولیس کی کارروائی، 6 کلو اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد، مبینہ منشیات فروش گرفتار

کمالو بازار میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، سمیر جتک گرفتار، مقدمہ درج

کوئٹہ (اے این این) کچی بیگ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کمالو بازار سے ایک مبینہ منشیات فروش کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 6 کلو اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت سمیر جتک کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔ کچی بیگ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کمالو بازار سے ایک مبینہ منشیات فروش کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 6 کلو اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت سمیر جتک کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

آبنائے ہرمز میں آئی فونز اور دیگر قیمتی الیکٹرانکس سامان سے لدا جہاز ڈوب گیا

تہران (اے این این) آبنائے ہرمز میں سنگاپور کا پرچم بردار بحری جہاز بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے بعد ڈوب گیا۔ غیر ملکی خبر رساں اداروں کے مطابق پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ نے کہا کہ کنٹینر جہاز آبنائے ہرمز میں ایک غیر مجاز اور خطرناک بحری راستے سے گزرنے کی کوشش کررہا تھا۔ ایرانی حکام کے مطابق جہاز پر 2,500 سے زائد کنٹینرز موجود تھے۔

وندر میں پولیس کی اہم کارروائی، 510 گرام چرس برآمد کرکے ملزم گرفتار

منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، حب پولیس

وندر (یو این اے) وندر پولیس کی کارروائی 510 گرام چرس برآمد ملزم گرفتار مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان ڈسٹرکٹ پولیس حب کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق SSP حب مرزا اقبال حسن کی خصوصی ہدایات پر DSP سرکل وندر محمد جان ساسولی کی زیر نگرانی میں SHO وندر عبدالحق موسیانی نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عظیم اسلم ولد محمد اسلم قوم راجپوت سکنہ سونمیانی ضلع حب کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 510 گرام چرس برآمد کرلی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

حوثیوں کے سعودی عرب پر حملے، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید اضافہ

لندن (اے این این) حوثیوں کی جانب سے سعودی آرامکو کے ہیڈکوارٹر پر حملے اور ایران کی جانب سے مال بردار بحری جہازوں کو نشانہ بنانے اور تیل کی قیمتیں بلند رکھنے کے لئے نئی حکمت عملی اپنانے کے اعلان کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برینٹ خام تیل کے مستقبل کے سودوں کی قیمت میں 37 سینٹ، یعنی 0.35 فیصد اضافہ ہوا، جس کے بعد یہ 106.06 ڈالر فی بیرل پر بند ہوا۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل کی قیمت 95 سینٹ، یعنی 1.01 فیصد اضافے کے بعد 95.09 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔

اسلام آباد، سیکرٹری خارجہ عاصم افتخار احمد چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کررہے ہیں

گلگت بلتستان میں 20 سال بعد بلدیاتی انتخابات دو مرحلوں میں ہونگے

لوکل گورنمنٹ ترمیمی ایکٹ 2026 منظور ہوگیا، چیف الیکشن کمشنر

گلگت بلتستان (جی این ایم) گلگت بلتستان میں 20 سال بعد بلدیاتی انتخابات دو مرحلوں میں ہونگے پہلے مرحلے 5 دسمبر کو 3 شہروں کے میونسپل کارپوریشن کے الیکشن ہونگے۔ چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز خان نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ لوکل گورنمنٹ ترمیمی ایکٹ 2026 منظور ہوگیا۔ میونسپل کارپوریشن گلگت، سکردو اور چلاس میں ہونگے، 26 اکتوبر سے کاغذات نامزدگی داخل ہونگے۔ دوسرے مرحلے کا الیکشن اپریل 2027 میں منعقد کرائینگے جس میں یونین کونسلز، ضلعی کونسلز اور میونسپل کمیٹیوں کے الیکشن ہونگے۔ چیف الیکشن کمشنر نے بتایا کہ الیکشن ملٹی وارڈ کی بنیاد پر ہونگے۔ خواتین کی نمائندگی 17 فیصد ہوگی، خصوصی افراد، نوجوانوں اور اقلیتوں کیلئے بھی مخصوص نشستیں ہونگی۔ گلگت بلتستان میں 20 سال بعد بلدیاتی انتخابات دو مرحلوں میں ہونگے پہلے مرحلے 5 دسمبر کو 3 شہروں کے میونسپل کارپوریشن کے الیکشن ہونگے۔ چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز خان نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ لوکل گورنمنٹ ترمیمی ایکٹ 2026 منظور ہوگیا۔ میونسپل کارپوریشن گلگت، سکردو اور چلاس میں ہونگے، 26 اکتوبر سے کاغذات نامزدگی داخل ہونگے۔ دوسرے مرحلے کا الیکشن اپریل 2027 میں منعقد کرائینگے جس میں یونین کونسلز، ضلعی کونسلز اور میونسپل کمیٹیوں کے الیکشن ہونگے۔ چیف الیکشن کمشنر نے بتایا کہ الیکشن ملٹی وارڈ کی بنیاد پر ہونگے

(بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے سے 11 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا

مقبوضہ بیت المقدس (جی این ایم) اسرائیلی فوج نے علی الصبح مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپوں کے دوران سابق قیدیوں اور ایک خاتون سمیت 11 فلسطینیوں کو گرفتار کیا، جن سے رقم، موبائل فونز اور ایک کار قبضے میں لے لی۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فورسز نے شمالی مغربی کنارے کے شہر قلقیلیہ پر چھاپے کے دوران سابق قیدیوں سمیت سات فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا۔ نابلس گورنری میں اسرائیلی فورسز نے جنوبی نابلس شہر میں ایک خاتون کو اس کے گھر پر چھاپہ مار کر گرفتار کرلیا۔ انہوں نے موبائل فون، غیر متعینہ رقم اور شناختی دستاویزات قبضے میں لے لیں۔ محلے میں ایک نوجوان کو اس کے گھر سے اور ایک دوسرے نوجوان کو وسطی مغربی کنارے، رام اللہ کے شمال مشرق میں سلواد قصبے پر چھاپے کے دوران گرفتار کیا۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)